(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت ضلع بونیر میں مستقل یا کنٹریکٹ پر سڑکوں کی بہتری کے لئے قلیوں کی بھرتی کا ارادہ رکھتی ہے اور کب تک؟

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، نئی بھرتیوں پر پابندی کی وجہ سے نئے قلی اور میٹ بھرتی نہیں ہو سکتے۔

(ج) جی ہاں۔

(د) فی الحال حکومت نے ہر قسم کی بھرتیوں پر پابندی عائد کی ہے، جونہی حکومت نے پابندی ختم کی تو قلیوں کی بھرتی شروع کی جائے گی۔

جناب حبیب الرحمان: چونکه دا د پالیسئی سره تعلق لری نو سراج الحق صاحب ته زما درخواست دے چې دا قلیان او د میټان چونکه د ډیرو کالو نه نورو ضلعو کښې هم دغسې دی خو زمونږ په بونیر کښې د سړکونو ګولے ګیاره فټ یا باره فټ دی کوم بلیک ټاپ چه دی، کچه روډ چې کوم په قلیانو یا میټانو باندې یو پیره ټهیک شی نو هغه ټائم اړوی خو که د چا تجربه وی نو بلیک ټاپ روډ چې کوم دے، د هغې دا ګوله وړه وی نو چې کله کراس کاډے کوی کنه نو دا ډیر زر زر مرمتونه غواړې او دا ډیر زیات قلیان غواړې، اګرچه د خلقو خیال دا دے چې ګنی دا بلیک ټاپ روډ چې کوم دے، قلیان نه غواړې، نو مونږه ته ډیر لوئے تکلیف وو نو د هغې پیش نظر ما دا سوال کړے وو خو چونکه دا د پالیسئی سره تعلق لری نو زه منسټر موصوف ته درخواست کوم چه د پالیسئی۔۔۔۔

جناب جمشید خان: یو منټ جی۔

جناب سراج الحق (سینئر وزیر): هسې خو جی جمشید خان۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جمشید خان۔

جناب جمشید خان: چونکه زما هم تعلق د بونیر سره دے او دا بونیر زمونږ ټول سرکونه خراب شوي دي، قلیانو کښې دا مسئله ده چې اول خو کار نه کوی، زه هم دا منم، خو چې کوم قلی ریټائر شی، د هغه په ځائے هم څوک نه شی اغستې نو پکار دا ده چې د هغه په ځائے هم څوک اغستې کیدے که کنټریکټ باندې وی او که څه بله طریقه ورله تاسو جوړه کړئی چه قلیان وی نو کچه سرکونه به ټهیک وی او چې قلیان نه وی نو هغه شته به ختم شی، د پخیدو انتظام ئے هم نشته او کچه به هم ختم شی نو څه طریقے د اوشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینئیر وزیر: یره جی مونږ خو ئیل چه نن به بونیر نه وی خو بیا هم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بونیر، بونیر دے جی۔

سینئیر وزیر: خو بیا هم په اسمبلئی کښې۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بونیر، بونیر دے۔

سینئیر وزیر: او دغه شان مونږ ورسره مخامخ یو، بهرحال دا یو ښه تجویز دے چه سرکونه څومره خرابیږی نو چه قلی موجود وی، د هغې په نتیجه کښې د وړوکی وړوکی کار مرمت هم کیږی، زه د دوئ دا تجویز د ځان سره نوټ کوم او د صوبه سرحد د حکومت په آئنده منصوبه کښې مونږه به په دې باندې غور شروع کړو انشاء الله۔

جناب حبیب الرحمن: ډیره مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سوال نمبر 159، جناب طاہر بن یامین۔

* 159 _ جناب طاہر بن یامین: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ٹانک میں کمیونٹی بیسڈ ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنے گاؤں میں ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں، نیز کتنے ٹیوب ویل کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں اور کتنے بند پڑے ہوئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): (الف) یہ درست ہے کہ ضلع ٹانک میں کمیونٹی بیسڈ ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں۔

(ب) جملہ 20 ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں، جبکہ 8 ٹیوب ویل کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں،بقیہ 12 بند پڑے ہیں۔

جناب طاہر بن یامین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔جناب سپیکر! سوال نمبر 159 کے (ب) جز کے جواب میں انہوں نے لکھاہے کہ ضلع ٹانک میں جملہ 20 ٹیوب ویل کمیونٹی بیسڈ پر لگائے گے ہیں، جن میں سے 8 کمیونٹی بیسڈ ٹیوب ویل کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اور 12 بند پڑے ہیں۔

جناب طاہر بن یامین: اور بارہ بند پڑے ہیں، جناب! میرے کچھ ضمنی سوالات ہیں کہ یہ کمیونٹی بیسڈ ٹیوب ویل جو کہ بند پڑے ہیں، یہ کب سے بند پڑے ہیں اور کیوں بند پڑے ہیں؟اور ایک ایک ٹیوب ویل پر کتنا خرچہ آیاہے؟جناب سپیکر! ان ٹیوب ویلوں کو کب چالو کیا جائیگا؟ یہ میرے ضمنی سوالات ہیں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مظفر سید پلیز۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! جب پانی کا مسئلہ آتا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مرید کاظم صاحب، مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: تھینک یو جناب سپیکر صاحب! یہ ایک اہم مسئلہ ہے اور اس پر پہلے بھی ایک دفعہ بحث ہو چکی ہے کہ 20 ٹیوب ویلوں میں سے اب یہ 8 جو ہیں، کمیونٹی کے حوالے کئے ہیں اور باقی بند پڑے ہیں، اس طرح ڈی آئی خان میں حفیظ اللہ خان صاحب نہیں ہیں تو 38 میں سے 20 کمیونٹی نے لئے، اگر یہ طریقہ رہا، ہمارے مولانا، یہ حکومت اس وقت ایم ایم اے کی ہے اور مولانا فضل الرحمان کی اپنی یونین کونسل میں تمام

کے تمام ٹیوب تقریباً جو کمیونٹی نے لئے، وہ بند پڑے ہیں، یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے، اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے، کمیونٹی نہیں چلا سکتی ان ٹیوب ویلوں کو، کوئی طریقہ بھی نہیں ہے کہ کمیونٹی چلائے گی، مہربانی کر کے گورنمنٹ اس کے لئے کوئی صحیح لائحہ عمل اختیار کرے، نہیں تو گورنمنٹ کی اتنی رقم اس لگ بھی گئی ہے اور وہ ایسے ہی برباد پڑے ہیں، لوگ پانی سے مر رہے ہیں، خاص کر وہ علاقہ جو دامانی ہے، پہاڑی ہے، اس میں اتنی بڑی پرابلم ہے کہ ابھی گرمی آرہی ہے تو پھر وہاں کربلا کے مناظر نظر آئیں گے، اس لئے ہم گورنمنٹ سے یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اس پر ایک کمیونٹی بنالی جائے تاکہ اس کو سیریس طریقے سے لیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب مظفر سید: نو بیا پہ دیکښې ضمنی کوئسچن وی نو بیا پسے هغوی پاسی نو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خہ مظفر سید صاحب، میاں صاحب، پہلے مظفر سید۔

جناب مظفر سید: دیکښې جی زما هم ضمنی کوئسچن دے، پہ دیر بالا او پہ دیر پائین کښې هم دغه شانته ډیرے ټیوب ویلے دی چې هغه جوړے شوې دی او بیا هم دغه شانتے بندے پرتے دی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو سے سرہ Related نہ دے کنہ، ضمنی سوال۔

جناب مظفر سید: دے سرہ هم دغه شانته پہ بونیر کښې کمیونټی تہ حوالہ شوې دی، دغسې کمیونټی تہ او هغه بند پراته دی نو سراج الحق صاحب د هغې متعلق هم ورسره-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! شکریہ، جناب سپیکر! جب پانی کا مسئلہ آتا ہے اسمبلی میں اور ضلع کرک کا نمائندہ بیٹھا ہوا اور خاموش رہ جائے تو وہ حلقے کی حق تلفی ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کیسے ممکن ہے۔

میاں نثار گل: اس لئے کہ ضلع کرک میں ملک ظفر اعظم صاحب بھی ہیں، میں بھی ہوں ادھر جب بھی کوئی جاتا ہے تو آواز اٹھائی جاتی ہے کہ پانی پانی اور صرف پانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ماشاءاللہ۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! جس طرح انہوں نے کہا کہ کمیونٹی کے جتنے بھی ٹیوب ویل ادھر ہیں، وہ سارے بند پڑے ہیں، گرمی کا موسم آرہا ہے، میں آپ سے مودبانہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ پبلک ہیلتھ کا جو مسئلہ ہے، جس طرح میرے ان دوست نے، ان بھائی نے سوال اٹھایا ہے، کمیونٹی کے جتنے بھی ٹیوب ویلز ہیں، ان کے لئے ایک ایک چوکیدار چاہیئے، حکومت اتنی غریب نہیں ہے میرے خیال میں، سراج الحق صاحب بھی ادھر بیٹھے ہیں، اس پر پہلے بحث اسمبلی مین ہوئی تھی اور میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ لوگ غریب ہیں، انکے اتنے وسائل نہیں ہیں کہ وہ انکے لئے پیسے جمع کریں، کمیونٹی کے جتنے بھی ٹیوب ویلز ہیں، ان کے لئے ایک ایک چوکیدار کا اعلان کیا جائے تو یہ گرمی کا پہلا سیزن تو کم از کم اچھا گزر جائیگا اور لوگ سراج الحق صاحب کے لئے اور متحدہ مجلس عمل کے لئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر، اس سلسلے میں ایک کوئسچن میرا بھی ہے اور وہ کوئسچن یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب، یو منټ یو منټ جی۔

جناب حبیب الرحمان: زه چې یو عرض او کړم نو بیا به دوئ مکمل جواب ورکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب حبیب الرحمان صاحب، مولانا صاحب، هغه تل لږ نمبر ورکوؤ لږ۔

جناب حبیب الرحمان: زما جی دا خیال دے، په دې ایجنډا باندې کوئسچن چې څومره دی، دا کمیونټی بیسډ باندې اکثر د انور کمال خان هم سوال راروان دے او نور هم، اته نهه سوالونه په دې باندې په دې ایجنډا باندې پراته دی نو زه

وایم چې بجائے د دې چې مونږه هغه سوالونه دهراوؤ او کمیونټی بیسډ زاوتوؤ، چې سراج الحق صاحب یو پالیسی بیان دلته کښې مونږه ته راکړی او د کمیونټی دا مسئله په ټوله صوبه کښې ده۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹهیک ده جی، مولانا قاری عبد الله صاحب۔

جناب حبیب الرحمان: په دې باندې یو پالیسی بیان ورکړئی چې مونږه په دې باندې مطمئن شو۔

قاری محمد عبداللہ: شکریہ جناب سپیکر، جہاں تک ایریگیشن اور واٹر سپلائی سکیمز کے ٹیوب ویلز کا تعلق ہے تو ہمارے حلقے پی ایف 43 ہنگو میں بھی اس قسم کے تقریباً آدھے درجن کے قریب ٹیوب ویلز بند پڑے ہیں اور میں اس سلسلے میں کئی مرتبہ متعلقہ محکمے سے رجوع بھی کیا، لیکن اس سلسلے میں کوئی اطمینان پا سکے اور کام کے حوالے سے پیش رفت نہیں ہو سکی ہے، میری بھی ریکویسٹ ہے کہ ٹل دلند اور اسی طریقے سے سول ہسپتال، ٹل کالج، ان جگہوں میں ٹیوب ویلز بن گئے ہیں اور ایک ایک ٹیوب ویل کے اوپر تو تقریباً ڈھائی کروڑ روپے کا سرمایہ لگ چکا ہے اور کئی سالوں سے وہ بند پڑا ہے، میری ریکویسٹ ہے کہ اس سلسلے میں ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب انور کمال: مونږ ته موکه اجازت راکړو۔

جناب عبد الاکبر خان: جناب سپیکر! دے باندې زه د رول 48 لاندے نوټس ورکوم، دے باندې Discussion د پاره تاسو Time fix کړئی ځکه چه زما په خیال د زیاتو ممبرانو صاحبانو دا مسئله ده، پریږده چې دے باندې ښوک خبرې کول غواړي۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر صاحب! داسې ده چه دا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: دا کوم تجویز چه حبیب الرحمان صاحب تاسو ته درکړو، زما خپل ریکویسټ تاسو ته دا دے چې تاسو نن دا خپل بقایا ټائم چې کوم دے، دے سوالاتو ته محدود کړئی خو د دې په سلسله کښې زما یو کال اټینشن راروان

دے ، تاسو کہ ہدایت اوکړئی خپل سیکرټیریټ تہ، هغہ پہ کمیونټی بیسډ ټیوب ویلز د پالیسئی پہ بارہ کښې دے ، هغې کښې بہ ہر سړی تہ دا موقع ملاؤ شی چې هغوی بہ پرے باندې تقاریر اوکړی، او کہ تاسو اجازت کوئی او موږ تہ دا Assurance راکوئی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے باندې خو عبد الاکبر خان د رول 48لاندې نوټس ورکړو کنہ نو دے باندې د سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینئیر وزیر): جی Realyدا یوہ مسئلہ دہ او پہ دې بنیاد باندې چہ د پبلک هیلتھ د دې پراجیکټ پہ بنیاد چېکوم معاهدہ دہ نو د هغې پہ شا هم دغہ فلسفہ دہ خو کہ چرتہ پہ دې باندې تاسو آئندہ بحث کوئی او د دې اجازت ورکوئی نو زہ بہ دا اوغواړم چہ د هغہ بحث نہ پس خپل Views بیان کړم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټھیک شوہ جی، Agreed، مہربانی۔

سینئیر وزیر: نو زیات بہ مناسب وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټھیک شو جی،سوال نمبر195جناب قاری محمد عبداللہ۔

* 195 _ قاری محمد عبداللہ: کیاوزیرورکس اینڈ سروسزازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہنگو سے ٹل تک 50کلو میٹر سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جو پاڑہ چنار، کرم ایجنسی اور ٹل کے عوام کے پشاور تک آنے کی واحد شاہراہ ہے

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو آیا حکومت مذکورہ سڑک کو دوبارہ تعمیر کرنے اور مذکورہ سڑک کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال کرنے پر تحقیقات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں،ہنگو روڈ کی لمبائی 57کلو میٹر ہے یہ خوشحال گڑھ، کوہاٹ، ٹل اور پاڑہ چنار روڈ پر اونشل ہائی وے (S-7) کا حصہ ہے، فرنٹئیر ہائی وے اتھارٹی اس روڈ کی مرمت اور بحالی کے کام کا مرحلہ وار پروگرام کے تحت کر رہی ہے۔

(i)پہلے مرحلہ میں کوہاٹ تا ہنگو42کلو میٹر کی مرمت اور ریسر فیسنگ کی گئی۔

(ii)دوسرے مرحلہ میں ہنگو تا ٹل روڈ کے خراب حصوں کو تین مرحلوں میں بحال کیا جا رہا ہے۔

(iii)اور باقی حصوں کی مرمت اگلے مرحلے میں کی جائے گی اور آخر میں پھر پورے روڈ کی ریسر فسنگ کی جائے گی۔

قاری محمد عبداللہ: شکریہ جناب سپیکر، سپیکر کے منصب کی کرسی پر بیٹھنے کے سلسلے میں آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): بڑے عرصے بعد موقع ملا ہے۔

قاری محمد عبداللہ: کہ ہنگو سے ٹل تک جو روڈ ہے، اس سلسلے میں میرا سوال یہ ہے کہ یہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور ماشاءاللہ وزیر موصوف نے تسلیم فرمایا لیا ہے کہ "جی ہاں" میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اس کیلئے جس قدر بھی جلد ہو سکے، بندوبست کیا جائے، دوسرا جو کہ کوئسچن ہے ضمنی، وہ یہ ہے کہ انہوں نے یہ بھی تسلیم کر لیا ہے کہ ہنگو ٹل روڈ، "یہ خوشحال گڑھ کوہاٹ، ٹل اور پاراچنار روڈ، پراونشل ہائی وے (S-7) کا حصہ ہے، فرنٹیئر ہائی وے اتھارٹی اس روڈ کی مرمت اور بحالی کا کام مرحلہ وار پروگرام کے تحت کر رہی ہے" گزارش یہ ہے کہ جب کوہاٹ تا ٹل روڈ خوشحال گڑھ روڈ کا حصہ ہے تو خوشحال گڑھ تا کوہاٹ، جس طرح وسیع اور بہتر انداز میں اس روڈ کے اوپر کام ہو رہا ہے تو کوہاٹ تا ہنگو یا ہنگو تا ٹل روڈ کے اوپر اس طرح بہتر انداز میں کام کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ تیسرے نمبر پر انہوں نے جواب میں لکھا ہے کہ "پہلے مرحلے میں کوہاٹ تا ہنگو 42 کلومیٹر روڈ کی مرمت اور ریسر فیسنگ کی گئی" تو میری گزارش یہ ہے کہ مذکورہ روڈ کی مرمت اور ریسر فیسنگ کب کی گئی ہے؟ اس حوالے سے ذرا وضاحت مطلوب ہے، حالانکہ محسوس تو نہیں ہو رہا ہے کہ اس روڈ کے اوپر کام کیا گیا ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ضمنی سوال او کے ئی تا سو جی۔

قاری محمد عبداللہ: ایک اور ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ فرما رہے ہیں کہ "ہنگو تا ٹل روڈ کے خراب حصوں کو تین مرحلوں میں بحال کیا جا رہا ہے" گزارش یہ ہے کہ یہ تین مرحلوں سے کیا مراد ہے اور یہ کہ یہ کب بحال کیا جائیگا؟ اسی طریقے سے پھر انہوں نے کہا ہے کہ مرحلہ وار اسکے اوپر کام کیا جائیگا تو خوشحال گڑھ سے لیکر

کوہاٹ تک اور کوہاٹ سے ہنگو تک میری اطلاع کے مطابق اس روڈ کی منظوری جناب محترم گورنر صاحب نے دی تھی اور پھر خوشحال گڑھ سے کوہاٹ تک روڈ کی اوپر، جس طریقے سے کام ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا صاحب! ضمنی سوال تاسو او کړئی۔

قاری محمد عبداللہ: اسی طرح کوہاٹ تاٹل ہائی وے روڈ پر یہ کام کیوں نہیں ہو رہا ہے اور یہ معیار کے مطابق کیوں نہیں ہے؟ وہاں پر جگہ جگہ کھڈے ہیں اور ہر فرلانگ کے فاصلے پر ہم دیکھتے ہیں کہ روڈ کی صورتحال خراب ہوتی چلی جارہی ہے اور یہ کام تسلی بخش طریقے سے نہیں ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: قاری صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب!

سینئر وزیر: جناب سپیکر صاحب! کله نه کله دا سوال د ومره او بند شی چې سړے په سر او خپو باندې بے خبره شی، او زما عرض دا دے چې د دې ضلع اوس اوس وزیر اعلیٰ صاحب دوره کړې وه او د هغې دورے په دوران کښې هغوې د دې روډ د جوړولو او د مرمت کولو حکم هم کړے دے، بهرحال لنډه خبره دا ده چه د ټینډرو منظوری ورکړے شوې ده او څو ورځو کښې به په دې باندې کار شروع شی ان شاء الله تعالیٰ، د دې روان مالی کال د اختتام پورے به عوم پخپله دا فرق محسوس کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شو جی۔

سینئر وزیر: په دې کښې هیڅ شک نشته دے چې په دې سړک باندې دا ټریفک ډیر زیات دے، نو د دې دا مرمت هم دغه شان ټول کال تقریباً جاری وی، خو دا ده چې د دې اوس دورے په نتیجه کښې د دې روډ د مرمت فیصله شوې ده او د دې معزز رکن اسمبلی چې کوم شک یا تکلیف دے نو انشاء الله دا به رفع شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شو جی۔

قاری محمد عبد اللہ: نه جی، یو جواب دوئ اونکړو، گورنر صاحب د خوشحال گړه نه تر ټل پورے دا روډ کړے دے، تو میں یہ وضاحت چاہونگا کہ یہ خوشحال گڑھ سے کوہاٹ تک جس

معیار کے مطابق کام ہورہاہے تو کوہاٹ تاٹل روڈ کی جو Repairing ہے، وہ اس معیار کے مطابق نہیں ہے تو کیا خوشحال گڑھ روڈ کے حصے سے اس کو علیحدہ کر دیا گیا ہے یا یہ اسی کے تحت ہو گا؟ اگر اسی کے تحت ہو گا تو یہ کام اس معیار کے مطابق کیوں نہیں ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینئیر وزیر: د مین روډ ونو لنک روډونو په مینځ کښې ضرور د کوالټی فرق خو وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ضرور۔

سینئیر وزیر: بهرحال دا زمونږه یو مکمل پروګرام دے چې د دې لمبائی 99 کلو میټر ده او درے کلومیټر هسې د پخلی هم دغه شان انتظام دے څنګه چې دوئ سوال اوکړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک ده۔

سینئیر وزیر: په هغې کښې څه د فرق خبره نشته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، Next سوال نمبر 196 جناب نثار صفدر خان ۔

* 196 _ جناب نثار صفدر: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مئی 2002 میں 94 لاکھ سے سوار گلی لورہ براستہ نگری ٹوٹیاں سڑک کو پختہ کرنے کیلئے (below) 16% کا ٹینڈر ہوا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک کے 8 کلو میٹر حصے کو پری میکس کے لئے تجویز کیا گیا تھا، لیکن بعد میں 3 کلو میٹر پری میکس، 2 کلو میٹر T.S.T اور بقایا 3 کلو میٹر ناپختہ چھوڑ دیا گیا؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ یونین کونسل غربی اور یونین کونسل نگری ٹوٹیال اپنی پاس کردہ قراردادوں میں اس سڑک کی ہر ایک خطرناک چڑھائی کو ختم کرنیکی تجویز بھی دی تھی؛

(د) آیا یہ بھی درست ہی کہ مذکورہ سڑک کی تعمیر انتہائی ناقص ہوئی تھی اور جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئی؛

(ہ) (i) 16% below اور پری مکس سے T.S.T تبدیلی سے کل کتنی رقم بچت ہوئی اور یہ رقم کہاں خرچ کی گئی، نیز پری مکس سے T.S.T میں تبدیلی کس کی احکامات سے کی گئی؛

(ii) متعلقہ ٹھیکیدار کو تاحال کتنی رقم ادا کی گئی ہے اور سڑک کا کتنا حصہ تعمیر ہو چکا ہے؟

جناب اکرم خان درانی (وزیراعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی نہیں، اسٹیمیٹ کے مطابق 8 کلو میٹر لمبائی میں 3 پری میکس اور 5 کلو میٹر T.S.T کرنی تھی، لیکن صرف 2 کلو میٹر T.S.T ہو سکی، موسم کی خرابی کی وجہ سے بقایا 3 کلو میٹر پری میکس کیا گیا اور اسی طرح 16% below سے جو بچت ہو گئی تھی وہ پری میکس پر خرچ ہو گئی، اب 8 کلو میٹر مکمل بلیک ٹاپنگ ہو گئی ہے اور اسکی باقاعدہ منظوری ضلعی ترقیاتی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں دی۔

(ج) جی ہاں، منظور شدہ اسٹیمنٹ کے مطابق 5 کلو میٹر سڑک سوار گلی کی طرف سے اور 3 کلو میٹر لورہ کی طرف سے کرنا تھا، جبکہ خطرناک چڑھائی سوار گلی سے 8 کلو میٹر میں آتی ہے، جس کیلئے ایک علیحدہ اسٹیمنٹ ضلعی حکومت کو پیش کیا گیا ہے۔

(د) جی نہیں، دوران تعمیر شدید بارشوں کی وجہ سے چند گڑھے Patches پیدا ہو گئے تھے، جن کو حسب معمول ٹھیک کیا جا چکا ہے، T.S.T کے اوپر ایک Coat تار کول اور کرنا ہے جو آئندہ موسم میں ہو جائیگا، جبکہ کام ابھی جاری ہے۔

(i) (below) 16% سے 15 لاکھ، بارہ ہزار روپے کی بچت ہوئی، جس مین سے مبلغ گیارہ لاکھ پچاس ہزار روپے 3 کلو میٹر میں T.S.T سے پری میکس کی تبدیلی پر خرچ ہوئے اور اس تبدیلی کی باقاعدہ منظوری ضلعی حکومت نے دی ہے۔

(ii) متعلقہ ٹھیکیدار کو حال صرف -/163 ,74 ,72 .Rs کی ادائیگی کی گئی ہے، جبکہ کام 95% مکمل ہو چکا ہے صرف سائیڈ نالہ باقی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! زما دد° بارہ کا °° سپلیمنٹری دہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هغه خو نشته۔

جناب عبدالاکبر خان: نه د وی کنه، Property of the House خو د ہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھیک د ہ! ستا سو سپلیمنتری د ہ؟جناب عبدالا کبر خان!

جناب عبدالا کبر خان: جناب سپیکر! پہ ‌(ب) جز ککښ تا سو ا وګورئی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: (ب) جی ہاں۔

جناب عبد الا کبر خان: د دې پہ جواب کښې تا سو ا وګورئی چہ "Estimate کے مطابق 8 کلو لمبائی میں 3 کلو میٹر پری میکس"۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی 5 کلو میٹر۔

جناب عبد الا کبر خان: اور 5 کلو میٹر T.S.T کرنی تھی، لیکن صرف 2 کلو میٹر T.S.T ہو سکتی ہے، موسم کی خرابی خرابی کی وجہ سے بقایا 3 کلو میٹر کو۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: "پری میکس کیا گیا ہے جی۔"

جناب عبدالا کبر خان: "پری میکس کیا گیا اور اسی طرح below 16% سے بچت ہو گئی تھی، وہ پری میکس پر خرچ ہو گئی، اب 8 کلو میٹر مکمل بلیک ٹاپنگ ہو گئی ہے، جس میں 6 کلو میٹر پر ی میکس اور 2 کلو میٹر T.S.T ہے اور اسکی با قاعدہ منظور ضلعی تر قیاتی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں دی ہے"۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبد الا کبر خان: جناب سپیکر! زما پہ هغه ټيکنيکلی څه مطلب نشته، ټينډر شوې دے 5 کلو میټر T.S.T۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبدالا کبر خان: اور 3 کلو میٹر پری میکس۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی او شو۔

جناب عبد الا کبر خان: او شو، 6 کلو میټر پری میکس، 2 کلو میټر T.S.T آیا دا -Re Tender شوې دے ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: هسې خو جناب سپیکر صاحب، چه دے جواب کښې څه ابهام نشته او هلته کښې ضلعی ترقیاتی کمیټی ده، هغوې په خپل اجلاس کښې د دې ټولو څیزونو فیصله کوی او هغوې د دې نګرانی کوی او د هغوې د فیصلو مطابق دا ټول کار روان دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ وائی چه 16% below باندې دے۔

جناب عبد الاکبر خان: زما خیال دے منسټر صاحب، په دې ټیکنیکل دغه باندې ما خپل موقف Explain نه کړے شو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: د T.S.T ریټس د پری میکس نه کم وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کم دی۔

جناب عبد الاکبر خان: ټهیکیدار چه کوم T.S.T کلومیټر واغستو نو هغه د دې ریټ 16% below واچوو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبد الاکبر خان: هغه دا واغستو 5 کلو میټر T.S.T او 3 کلو میټر پری میکس او 3 کلو میټر پری میکس او کارټیے 6 کلو میټر پری میکس۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: او 2 کلو میټر۔

جناب عبدالاکبر خان: او 2 کلو میټر T.S.T۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبد الاکبر خان: هغه 16% پندره لاکھ روپے چې کومے بحث شوې وی نو هغه هغه ته په پری میکس کښې واپس راغلے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خه۔

جناب عبد الاکبر خان: اوس که چرے فرض کړه دا مزدوری تهیک ده جی، یره چه گنی T.S.T نشی کیدے، باران دے یا موسم خراب دے، د هغې په ځائے پری میکس کول پکار دی خو هغه پری میکس Change Nomenclature کښې چه د یو 3 کلومیټر په ځائے باندې 6 کلو میټر پری میکس کولے، You have to make another tender for that د هغې د پاره جدا ټینډر کوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ستاسو مطلب دے په دیکښې Irregularities شی دی۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Yes, this is Irregularity.

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ 94 Lakhs rupees سے مئی 2002 میں پختہ کرنے کا کام شروع ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: ظاہر ہے یہ نومبر یا کسی اس کے قریب کے وقت ہوا ہو گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ھم دغہ جز (الف)؟

جناب مشتاق احمد غنی: سوال 196 (د) کی میں بات کر رہا ہوں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: (د)؟

جناب مشتاق احمد غنی: جی سر! تو اتنی حقیر رقم سے 94 لاکھ روپے کی لاگت سے 2002 میں ایک سڑک کا کام ہوتا ہے اور Just after two or three months یہ بارشیں شروع ہوئی ہیں تو اس میں آگے (د) کا جواب دیا جا رہا ہے کہ جی نہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: دوران تعمیر بارشوں کی وجہ سے چند گڑھے Patches پیدا ہو گئے تھے، جن کو حسب معمول میرا Question یہ ہے، جناب کہ 94 لاکھ روپے کی لاگت سے سوار گلی روڈ مئی 2002 میں اس کا کام شروع ہوتا ہے اور completion کیس دسمبر نومبر کے لگ بھگ شائد ہوئی ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: اور ایک دو مہینے کے بعد ان بارشوں کا بوجھ بھی یہ سڑکیں برداشت نہیں کر سکیں، Question is this کہ یہ ڈیپارٹمنٹ کیا کر رہا ہے؟ جتنا بھی ان کا Almost کام ابھی جو بات ہو رہی ہے اور یہ ہمارے سامنے جو نثار صفدر نے حساب کیا ہے کہ اتنا ناقص کام کیا جاتا ہے ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے تو کیا ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے؟ اور اتنا بڑا قومی خزانہ کو نقصان ہو رہا ہے اور بار بار ہمارے فنڈز ان ہی سڑکوں کی نذر ہو جاتے ہیں اور ہم مزید کام نہیں کر سکتے، ایک سڑک دس دس بار بنتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب نثار صفدر۔

جناب نثار صفدر: جناب سپیکر صاحب! یہ جو کوسچن ہے اس کے بارے میں اس دن بھی ایک سپیشل کمیٹی کے حوالے کیا تھا کہ جی 3 کروڑ 66 لاکھ روپے، جس میں انہوں نے بغیر کسی ٹینڈر کے کام دیئے تھے، یہ 94 لاکھ روپے کا کام بھی جو انہوں نے دیا تھا، یہ بھی انہی پیسوں کا تھا اور اس میں جتنے بھی یہ سارے گھپلے ہوئے ہیں، اس کو بھی آپ مہربانی کر کے سردار صاحب کے علاقے کا کام ہے، اس کو سپیشل کمیٹی کے حوالے کریں، وہ کمیٹی اسمبلی میں اپنی رپورٹ دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب، جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

جناب عبد الاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! زما سپلیمنٹری هم هغه شان Stand کوی، زه د دې خبرې دغه نه کومه چه د T.S.T نه پری میکس ته ځنګه لاړه، هغه هم باقاعده ورکړه، خو زه وایم د T.S.T نه پری میکس ته منظوری هم ورکړه خو Re-tender ا وغو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ده جی۔

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون و پارلیمانی امور): جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: اس کی رقم اگر۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب، عبدالاکبر خان۔

وزیر قانون: عبدالاکبر خان کے سوال کے مطابق۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر قانون: کہ یہ جو T.S.T سے پری میکس پر چلا گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یہ کیسے چلا گیا؟

وزیر قانون: یہ پیسہ کیسے وہاں گیا؟ ٹینڈر ہوا یا نہیں ہوا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر قانون: اسکے مطابق اس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کچھ اپنے صوابدیدی اختیارات بھی ہوتے ہیں جو 15% above جا سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

وزیر قانون: ایک لاکھ پر 15% تک وہ جا سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 15 پرسنٹ۔

وزیر قانون: میرے خیال میں، اگر یہ رقم دیکھی جائے تو اسی میں آتی ہے تو اس میں آتے ہوئے اس کو Transfer کرنا میرے خیال مشکل نہیں ہے، پھر ضلعی حکومت نے ان کو منظوری بھی دی ہوئی ہے تو اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرا تبدیلی پر اعتراض نہیں ہے کہ یہ تبدیلی غلط ہوئی ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کا جواب یہ ہے کہ یہ ڈیپارٹمنٹ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اس کے بعد اسکو Re-tender کرا دیا گیا تھا؟ کیونکہ جو Original ٹینڈر تھا، اس میں 2 کلو میٹر پری میکس کا تھا اور 5 کلو میٹر T.S.T تھی جب کہ Change ہوا تو 6 کلو میٹر پری میکس کا

ریٹ اور T.S.T کی ریٹس میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے، تبھی تو 15 لاکھ روپے، اس میں T.S.T روڈ وہی ہے، 15 لاکھ روپے اس نے پری میکس میں Change کرنے میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبد الا کبر خان! ان کا جواب یہ ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ 15% above جاسکتا ہے۔۔۔۔۔

جناب نثار صفدر: Sorry, Sorry ہم اس جواب سے مطمئن نہیں ہیں، اس کو سپیشل کمیٹی کے حوالے کیا جائے، یہ اسی میں آتا ہے جو 3 کروڑ 66 لاکھ میں بے قاعدگیاں ہوئی ہیں، یہ اس میں آتا ہے، سردار صاحب ہمارے منسٹر بلدیات بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو ساری بات کا پتہ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جیسا کہ اس دن معزز رکن نے یہ کوئسچن اٹھایا تھا، یہ 3 کروڑ، 66 لاکھ کے اندر تو یہ Already سپیشل کمیٹی کی اندر Discuss ہوگا، چونکہ یہ 3 کروڑ، 66 لاکھ میں سے، انہوں نے ایک حتمی کوئسچن دوبارہ Raise کیا ہے، لہذا یہ Already کمیٹی کے اندر Discuss ہوگا اور اسے قواعد و ضوابط کے مطابق Detail کے ساتھ کمیٹی دیکھ لے گی، اگر اس کے مطابق یہاں نہیں ہوگا تو Definitely پھر اس کے خلاف ایکشن لیا جائے گا، لیکن جسطرح انہوں نے کہا ہی کہ 15% ان کا ہے اور پھر دوبارہ انہوں نے کہا ہے کہ 15% ان کا ہے اور پھر دوبارہ انہوں نے T.S.T سے پری میکس جو Change کی ہے، اسکو بھی ہم قواعد و ضوابط کے مطابق دیکھ لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی رائے یہ ہے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: اور میں سمجھتا ہوں کہ اسے جب DDC نے Approve کیا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی رائے یہ ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میں یہ سمجھتا ہوں کہ DDC کے اندر جو منظور ہوئی ہیں، وہاں پر تمام ٹیکنکل چیزیں دیکھتے ہیں اور Technical approval اس کی اندر ہوتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: ورنہ وہ کبھی بھی نہیں کرتے، چونکہ 3 کروڑ کی Already وہ کمیٹی کے حوالے کر چکے ہیں، یہ اسی کے اندر شامل ہے۔

جناب نثار صفدر: بس جناب، اس کو بھی اس میں شامل کرلیں جی۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: یہ اسی میں شامل ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب! یو منټ پیر محمد خان، جناب سراج الحق صاحب، خه پیر محمد خان۔

جناب پیر محمد خان: جی، دا سوال کومه چې دا سوال 196 کمیټئی ته ځکه حواله کړئی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

جناب پیر محمد خان: چه دلته کښې دوئ below 16% بنودلے دے نو دا Below یواځې د پری میکس سائیډ باندې بیا اغستې دے، پیسے ئے په بله غاړه باندې اغستی دی، بنکاره ئے مقابله اوکړه، ټهیکیدار دیکښې Below ورکړؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شو جی۔

جناب پیر محمد خان: خو دلته هغه کارئے ورته هلته کښې کم کړؤ، د بلے غاړے سیوا کړؤ د 16% په ځائے، نو آیا دوئ چه دا Saving کړے دے، د دې Re-Tender بیا شوې دے ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: سراج الحق صاحب به جواب درکړی، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب پیر محمد خان: دا کمیټئی ته حواله کړئی۔

وزیر قانون: جواب تو میں دی چکا ہوں کہ وہ 15% محکمے کے صوابدیدی اختیارات میں آتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: اچھی طرح ان کو پتہ ہے کہ 15% اوپر اور نیچے جا سکتے ہیں۔

جناب پیر محمد خان: نہیں، نہیں کر سکتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: وہ اوپر اور نیچے کی بات نہیں کر رہے ہیں۔

جناب پیر محمد خان: اسے سپیکر صاحب، کمیٹی کے حوالے کریں، سپیکر صاحب، اسکو کمیٹی کے حوالے کریں، وہاں پتہ چل جائے گا کہ اس میں کیا گھپلے ہوئے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ښه او کړه جی۔

وزیر بلدیات: ایک سیکنڈ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: میرے خیال میں ان کی سمجھ میں بات نہیں آئی ہے، پیر محمد خان صاحب کو کسچین برائے کوسچین کرتے ہیں، اس سلسلے میں جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ یہ 3 کروڑ، 66 لاکھ کے اندر جب کمیٹی اس سلسلے کو دیکھے گی تو مکمل Details سے دیکھے گی کہ اس کا ٹینڈر ضروری تھا یا نہیں تھا، وہاں پر یہ تمام مسئلہ بڑی Detail سے چیک کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شوہ جی۔

جناب پیر محمد خان: بس ٹھیک شوہ۔

جناب نثار صفدر: سردار صاحب، بہت مہربانی، جو اسکو انہوں نے سپیشل کمیٹی میں شامل کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سوال نمبر 200، جناب حفیظ اللہ خان علیزئی۔

* 200 _ جناب حفیظ اللہ خان علیزئی: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈی آئی خان میں مختلف مقامات پر Community based ٹیوب ویل نصب کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتنے ٹیوب ویل کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں اور کتنی تا حال بند پڑے ہیں، نیز گاؤں کی سطح پر تمام سکیموں کی تفصیل فراہم کئے جائیں؟

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ ضلع ڈی آئی خان میں مختلف مقامات پر جون 1995 سے جون 2002 تک محکمہ ہذا نے 38 Community based عدد ٹیوب ویل سکیمیں بنائی ہیں۔

(ب) ابھی تک محکمہ ہذا نے 10 عدد سکیمیں کمیونٹی کی حوالہ کی ہیں، باقی 28 سکیمیں محکمہ خود چلا رہا ہے اور تاحال کوئی سکیم بند نہیں پڑی ہے، کل 38 عدد ٹیوب ویل سکیموں کی تفصیل درجہ ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام تفصیل | کل تعداد سکیم | تعداد سکیم بحوالہ کمیونٹی کی گئی ہیں | باقیماندہ سکیموں کی تعداد جو کہ محکمہ چلا رہا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈی آئی خان | 17عدد | 5عدد | 12عدد |
| 2 | پہاڑپور | 15عدد | 3عدد | 12عدد |
| 3 | کلاچی | 6عدد | 2عدد | 4عدد |
| 4 | کل ضلع ڈی آئی خان | 38عدد | 10عدد | 28عدد |

28عدد سکیموں میں سے 12عدد (Complex) یعنی کہ پیچیدہ سکیمیں ہیں جو کہ کمیونٹی کی چلانے کے قابل نہیں ہیں، کیونکہ وہ ایک سی زیادہ دیہاتوں پر مشتمل ہیں، اسلئے ان سکیموں کو محکمہ خود چلا رہا ہے، اسکے علاوہ 16 عدد سکیمیں ایسی ہیں، جنکو کمیونٹی لینے سے انکاری ہے اور محکمہ ہذا نے اپنی تمام تر کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں کہ یہ سکیمیں کمیونٹی محکمہ سے لے کر خود چلائے، نیز گاؤں کی سطح پر مکمل کی گئی سکیموں کی لسٹ درج ذیل ہیں۔

لسٹ نمبر (1)۔ تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان

1۔واٹر سپلائی سکیم روڑہ نو۔

2۔واٹر سپلائی سکیم ڈہاوا۔

3۔واٹر سپلائی سکیم بدھ۔

4۔واٹر سپلائی سکیم نیو آبادی ڈیال روڈ۔

5۔ایمپر ومنٹ اینڈ ایکسٹنشن واٹر سپلائی سکیم درابن کلاں۔

6۔واٹر سپلائی اینڈ سینیٹیشن سکیم درابن کلاں۔

7۔واٹر سپلائی سکیم پوٹہ۔

8۔واٹر سپلائی سکیم چودھوان فیز 1

9۔واٹر سپلائی سکیم فتح اینڈ پروا۔

10۔واٹر سپلائی سکیم گنجو۔

11۔واٹر سپلائی سکیم سدرہ شریف۔

12۔ریہبلیٹیشن واٹر سپلائی سکیم گرہ عیسی خان۔

13۔سینیٹیشن اینڈ ریہبلیٹیشن واٹر سپلائی سکیم ماہڑہ ہاؤس کنکشن۔

14۔سینیٹیشن اینڈ ریہبلیٹیشن واٹر سپلائی سکیم ویلج رشید۔

15۔واٹر سپلائی سکیم گومل کلاں خورد۔

16۔واٹر سپلائی سکیم کڑی شموزئی۔

لسٹ نمبر (2) تحصیل پہاڑپور

1۔واٹر سپلائی سکیم لیونہ تھلہ۔

2۔واٹر سپلائی سکیم ملی خیل پکا۔

3۔واٹر سپلائی سکیم عمر خیل پکا۔

4۔واٹر سپلائی سکیم غرو منج۔

5۔واٹر سپلائی سکیم سید آباد بہادری اینڈ وانڈہ جندر/قلندر۔

6۔واٹر سپلائی سکیم کڑی خیسور پکا۔

7۔واٹر سپلائی سکیم سیدو والی۔

8۔واٹر سپلائی سکیم گلوٹی۔

9۔واٹر سپلائی سکیم بدنی خیل۔

10۔واٹر سپلائی سکیم رحمانی خیل۔

11۔واٹر سپلائی سکیم کٹہ خیل۔

12۔واٹر سپلائی سکیم معظم مہرابی۔

13۔واٹر سپلائی سکیم وانڈہ کریم/بیر رون۔

14۔واٹر سپلائی سکیم وانڈہ مہر دل۔

15۔واٹر سپلائی سکیم شنکئی بھٹینان۔

<u>لسٹ(3) تحصیل کلاچی</u>

1۔واٹر سپلائی سکیم ہوڑی تانوالی۔

2۔واٹر سپلائی سکیمگرہ بختیار تاہتھالہ۔

3۔واٹر سپلائی سکیم گڑوالی۔

4۔واٹر سپلائی سکیم گرہ مستان۔

5۔واٹر سپلائی سکیم کنوڑی۔

6۔واٹر سپلائی سکیم/سینی ٹیشن سکیم مڈی۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: زما سپلیمنٹری کوئسچن دے جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سردار اسرار اللہ خان گنڈاپور!

<u>جناب اسرار اللہ خان</u>: اس حوالے سے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: پہ دیکبنې ضمنی کوئسچن دے ؟

<u>جناب اسرار اللہ خان</u>: اس حوالے سے جناب سپیکر صاحب، میرے چار ضمنی کوئسچن ہیں، پہلا تو یہ ہے جو Community based جو ٹیوب ویلز ہیں، جن پر ابھی ابھی بحث ہو چکی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی،جی۔

<u>جناب اسرار اللہ خان</u>: اس کا Idea کہاں سے Develop ہوا ہے؟ آیا یہ کوئی پراجیکٹ تھا، جس کے لئے یہ Mandatory تھا کہ یہ محکمہ نہیں چلائے گا اور اس کو Community چلائے گی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، یہ ضمنی کہہ رہے ہیں، آپ سپلیمنٹری کوئسچن کریں، جواب دیں گے۔

جناب اسراراللہ خان: میرا ضمنی سوال ہے کہ یہ Idea کہاں سے Develop ہوا، اسی شہر میں اور ضلع میں Community based ٹیوب ویلز ہونگے، آیا یہ کوئی پراجیکٹ تھا، جسکے تحت یہ Mandatory تھا کہ یہ جو ٹیوب ویل ہونگے، یہہ Community چلائے گی؟ دوسرا یہ ہے کہ ڈی آئی خان کے بارے میں جو انہوں نے سکیموں کی فہرست دی ہے، اس میں Identify کریں کہ کون کونسی سکیمیں جو Handover ہو چکی ہیں؟ کیونکہ انہوں نی صرف Details دی ہے کہ اس میں سکیمیں Handover ہو چکی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسکی Detail یہاں موجود ہے۔

جناب اسراراللہ خان: Detail موجود ہے، لیکن وہ Identify نہیں کی گئی ہیں کہ یہ سکیمیں Handover ہو چکی ہیں، صرف انہوں نے اسکی Figures بتائی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تعداد بتائی ہے۔

جناب اسراراللہ خان: اس کے ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ یہ اوپر واقعی کوئی سکیم ہے کہہ محکمہ کے ساتھ فنڈز نہیں ہیں تو جہاں پر ان کے خلاف Resistance ہے تو وہاں پر وہ سکیمیں وہ خود چلا رہے ہیں، لیکن جہاں پر لوگ شریف ہیں اور انہوں نے اس بات کو Issue نہیں بنایا، وہ سکیمیں انہوں نے Community کو Handover کر رہی ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Welfare state کی خلاف ہے، جہاں پر یہ حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ آپ لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کریں اور اسکے ساتھ ساتھ انہوں نے یہ جو Calculation دی ہے۔

وزیر قانون: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ملک ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: عبدالاکبر خان نے جو دے دیا، اس میں یہ سب آجائے گا تو اسمیں میرے خیال۔۔۔۔

جناب اسراراللہ خان: نہیں جی، یہ Detail پھر بھی ہو جائے گی۔

وزیر قانون: ہاں جی۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان: اس میں جو Figures دیئے ہیں، وہ غلط ہیں۔

وزیر قانون: عبدالاکبر خان نے وہ دیا ہے، اسرار خان۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان: اس میں جو Figures دیئے ہیں، وہ بھی غلط ہیں۔

وزیر قانون: عبدالاکبر خان نے وہ دیا ہے، اسرار خان۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان: اس میں جی یہ ہے کہ میں نے آپ سے کہا کہ میرا ضمنی سوال۔۔۔۔۔

وزیر قانون: اور وہ پھر Discuss ہو سکتا ہے، کیونکہ یہ ایک ضلع کی بات نہیں ہے، سارے صوبے کے لئے Discuss ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! په دې Community based ټیوب ویلز باندې به بحث کوی۔

جناب اسرار اللہ خان: اس میں جی انہوں نے جو Figures ہیں وہ بھی غلط ہیں، آپ ذرا انہیں دیکھیں کہ انہوں نے کہا ہے کہ باقی ماندہ سکیموں کی تعداد جو کہ محکمہ چلا رہا ہے، 28 ہے، اچھا یہ آگے کہتے ہیں کہ 28 عدد سکیموں میں سے 12 عدد Complex سکیمیں Community چلانے کے قابل نہیں، اچھا "کیونکہ یہ ایک سے زیادہ دیہاتوں پر مشتمل ہے اور "16 عدد سکیمیں ایسی ہیں، جن کو Community لینے سے انکاری ہے" پہلے وہ خود تسلیم کر رہے ہیں کہ 28 عدد سکیمیں محکمہ خود چلا رہا ہے، 10 عدد سکیمیں جو ہیں، وہ Community کے حوالے کی گئی ہیں، پھر بعد میں وہ کہتے ہیں کہ 28 عدد سکیموں میں سے 12 عدد Complex سکیمیں ان کو محکمہ کے پاس صرف 12 عدد سکیمیں ہیں یا پھر یہ ہے کہ 28 عدد سکیموں سے اسکی تعداد زیادہ ہے، مہربانی کر کے اسکو بھی واضح کریں کہ یہ Calculation کیسے غلط ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب!

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): سوال کنندہ خود موجود نہیں ہیں، بہر حال ایک سپلیمنٹری سوال سردار صاحب نے کیا ہے جو کہ بہت اہم ہے، بنیادی بات تو وہی ہے کہ اس پر ہم نے Discussion کرنی ہے اور اعداد و شمار میں پڑنے کے بجائے بنیادی طور پر اس پالیسی پر ہم Discussion کرنا چاہتے ہیں، اگر ہم Discussion میں ایک پالیسی پر یکسو ہو جائیں تو 28, 27 کا فرق نکالنا، یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر صاحب! اس میں میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ ہمیں، چونکہ یہ علاقہ دامان ہے ہمارا ابھی، انور کمال خان وغیرہ کا اور اس میں یہ ہے کہ وہاں ن پر پرابلم یہ ہو جاتی ہے کہ جو محکمے والے ہوتے ہیں، وہ Identify نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، اوس خو دوئ جواب اوکړو کنه جی، دے باندې به بیا بحث کیږی کنه۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں جی، بحث تو ہو گی، لیکن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا Question Hour دے کنه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بات یہ ہے نا جی کہ وہاں پر محکمے کو ہدایت کی جائے کہ ہمیں اس کی Detail دیدیں کہ کون کونسی سکیمیں ہیں؟ کیونکہ جب ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ مہربانی کرکے آپ انکے بجلی کے بل ادا کریں، وہ کہتے ہیں یہ ہم نہیں کر سکتے، جبکہ محکمہ خود تسلیم کر رہا ہے کہ ان میں کئی سکیمیں ایسی ہیں جو کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھیک ده په دې به بیا بل وخت کښې بحث اوشی کنه، هغه خو وائی چه بحث په دې کوؤ کنه۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان: محکمہ ڈی آئی خان کو ہدایت کی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Next، سوال نمبر 202 منجانب جناب انور کمال خان صاحب۔

* 202 _ جناب انور کمال خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی مروت میں ٹیوب ویل نصب کئے گئے ہیں، (Community based)

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) تاحال کتنے ٹیوب ویل کمیونٹی کی حوالے کئے گئے ہیں، ان کی تعداد خرچ کی تفصیل بمعہ گاؤں کے نام فراہم کئے جائیں;

(ii) مذکورہ ٹیوب ویلز میں سے کتنے کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں اور کتنے تاحال بند پڑے ہیں؟

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): (الف) جی ہاں۔

(ب) تفصیل درج ذیل ہے، 24عدد ٹیوب ویلز کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں اور 8عدد بند پڑے ہیں، تفصیل درج ذیل ہے۔

کمیونٹی کو حوالے کی گئی سکیموں کی لسٹ

| سیریل نمبر | سکیم کا نام | V.D.O پریذیڈنٹ کا نام | خرچہ کی تفصیل |
|---|---|---|---|
| 1 | چندو خیل | اکبر زمان | 17,13,000/-روپیہ |
| 2 | گنڈی عمر چیکڑ | شیر احمد خان | 27,86,000/-روپیہ |
| 3 | ماشہ منصور | عبدالرحمان | 8,95,000/-روپیہ |
| 4 | بحمل احمد زئی | محمد اسلم | 21,77,400/-روپیہ |
| 5 | شیخ لنڈک | سیداللہ خان | 23,09,000/-روپیہ |
| 6 | بیگہ تاجہ زئی | آمان اللہ | 24,57,200/-روپیہ |
| 7 | شاہ حسین گلباز دہکان | تاج علی خان | 6150000/-روپیہ |
| 8 | آدم زئی کوٹکہ جات | مجیب اللہ | 7,73,400/-روپیہ |
| 9 | نارپردل بیگو خیل | بلقیس خان | 23,51,400/-روپیہ |
| 10 | بلند خیل | فضل الرحمن | 3,33,800/-روپیہ |
| 11 | ثنار حکیم خان | سرفراز خان | 3,110,000/-روپیہ |
| 12 | بانڈہ مچل خیل | امیر نواز خان | 6,50,000/-روپیہ |
| 13 | احسان پور | احسان اللہ | 9,09,000/-روپیہ |
| 14 | بیگو خیل | سردار علی خان | 1,49,000/-روپیہ |
| 15 | سیمو وانڈہ | عنایت اللہ خان | 99,600/-روپیہ |
| 16 | میلہ شہاب خیل | عنایت اللہ خان | 1,00,000/-روپیہ |
| 17 | منگالائی گنگو ناریوہ | محمد ہاشم خان | 60,99,000/-روپیہ |
| 18 | لنگر خیل (ہاتھی خان) | وکیل خان | 1,00,000/-روپیہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 | رحمانی ونڈہ | ملک شیر خان | -/9,25,000روپیہ |
| 20 | چیکڑی | عجب خان | -/20,51,000روپیہ |
| 21 | دولت خیل | فتح اللہ | -/1,00,000روپیہ |
| 22 | شاہ مدو | محمد ایاز خان | -/1,00,000روپیہ |
| 23 | لنڈیوہ | محمد اسماعیل | -/1,00,000روپیہ |
| 24 | دولت خیل | محسود خان | -/35,05,000روپیہ |

کمیونٹی سکیموں کے نام جو تا حال بند پڑی ہیں۔

| نمبر شمار | سکیم کا نام | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | دولت خیل | بجلی کی بلز ادا نہ ہونے کی وجہ سے واپڈا والوں نے کنکشن کاٹ دیئے ہیں، جسکی وجہ سے بند پڑے ہیں، صارفین بل کی ادائیگی حکومت کو نہیں دیتے ہیں تو ایک اپریٹر کو ادائیگی کس طرح کریگا۔ |
| 2 | گنگو ناریوہ | ایضا |
| 3 | بلند خیل | ایضا |
| 4 | نار حکیم خان | ایضا |
| 5 | گنڈی عمر جیکڑ | ایضا |
| 6 | احمد خیل | ایضا |
| 7 | آدم زئی کوٹکہ جات | ایضا |
| 8 | پاسانی | ایضا |

جناب انور کمال خان: محترم سپیکر صاحب! معذرت سره وایم چې زه د دې جواب نه مطمئن ځکه نه یم چې پښتو کښې متل کوی، وائی چې د بازاره څوک راځی نو د نرخ د هغه تپوس کوه، وائی چې دوئ ته کوم فګرز محکمے ورکړی دی، اول خو دوئ نه زه دا تپوس کومه، دے منسټر صاحب نه چې که چرته دا فګرز دوئ ته

غلط ملاؤ شوي وی، نو آیا دوئ د دې د پاره تیار دی چې دا سوال چې مونږ کړے دے، دا تاسو یو سټینډنګ کمیټئ ته فار انکوائری ورکولے شئی، زما اول ضمنی سوال دا دے، بیا هغې نه پس زه د دوئ نه دا تپوس کومه، چې دے کښې نور څه مشکلات دی؟

(قہقہہ)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب!

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): د دې جواب صرف دا دے چې دا کوم اعداد و شمار ئے مونږه ته را کړی دی، دا ئے په مکمل ذمه دارئی سره را کړی دی، او بیا ئے د تیارئی سره را کړی دی، د دې وجه نه زما پرے یقین دے چې دے کښې به غلطی نه وی۔

جناب انور کمال خان: زما مطلب دا دے جی چې که چرے تاسو دے د پاره تیارئی نو زه بالکل سوال د رباندې کوم، صاحب! په لکی ضلع کښې دے وخت کښې د دا دوئ چې کوم اعداد ورکړی دی، دا ئے بالکل په دو باندې تقسیم کړی دی، په دې وخت کښې په لکی ډسټرکټ کښې د Community basedټیوب ویلز تعداد چې کوم دے، هغه تقریبا 60دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Sixty، پښتو کښې شپیته ورته وائی، اردو کښې ساٹھ ورته وائی، انګریزئی کښې Sixtyورته وائی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پښتو کښې شپیته۔

ایک آواز: عربی کښې څه ورته وائی؟

جناب انور کمال خان: هغه خمسة صاحب، ضرب ورکړئی نو هغه شپیته شی، نو صاحب، دے کښې خبره اصل کښې دا ده چې یو خو اول د دوئ دا تعداد چې کوم دے، دا بالکل زه نه Accept کومه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ خو 24یادوی کنه۔

جناب انور کمال خان: It is not 32 د دوئ تعداد چې کوم دے ، هغه 60د ے ، بل دا دے چې ما دوئ باندې دا سوال کړے دے ، زما دې سوال يو Basic مطلب وو چې هغه مقصد نن ټول دا هاؤس Agitate کوی لګيا دے او هغه Agitationد Community based ټيوب ويلز د پاليسئ خلاف خبره ده چې دا دوئ پخپله باندې تسليموی په دې جواب کښې او دوئ په آخره کښې وائی چې د يو کلی خلق د بجلئی بل نه ورکوی نو هغه به د آپريټر تنخواه د کوم ځائے نه ورکوی؟ دا د دوئ جواب دے او دا که تاسو آخر کښې اوګورئی نو دوئ وائی چې "بجلی کے بلز ادانہ ہونے کی وجہ سے واپڈاوالوں نے کنکشن کاٹ دیئے ہیں، جس کی وجہ سے بند پڑے ہیں" صارفین بل کی ادائیگی حکومت کو نہیں دیتے ہیں تو ایک آپریٹر کو ادائیگی کس طرح کریں گے؟ مطلب دا دے چې دوئ پخپله باندې دا تسليموی، یہ Accept کرتے ہیں کہ لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ بجلی کا بل ادا کر سکیں تو اس بابت میں میرا سوال ان سے یہ ہے کہ اگر آپ دیکھیں وہ سکیمیں جو کہ انہوں نے کہا کہ وہ اس وقت Functioning ہیں، چالو ہیں، وہ لوگ اس سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں، آپ دیکھیں سیریل نمبر 2 گنڈی عمر جبکڑ، پھر آپ دیکھیں سیریل نمبر 10، بلند خیل، پھر آپ دیکھیں نمبر 11، نار حکیم خان، پھر آپ دیکھیں نمبر 17، گنگو ناریوہ، پھر آپ دیکھیں، دولت خیل، یہ وہ سکیمیں ہیں جو کہ ان 32 میں سے مجھے یاد ہیں کہ مجھے انہوں نے کہا کہ یہ Functioning ہیں، چالو ہیں اور پھر یہی سکیمیں Reflect کی گئی ہیں، اس کھاتے میں جو کہ بند پڑی ہوئی ہیں، دولت خیل گنگو ناریوہ، بلند خیل، نار حکیم خان، گنڈی عمر جبکڑ، یہ تمام جناب وہی سکیمیں ہیں جو دو جگہ Reflect ہوئی ہیں، ایک وہاں پر Reflect ہوئی جہاں میں نے یہ سوال کیا کہ کتنی سکیمیں آپ کی Functioning ہیں، Operationals ہیں، اس میں بھی Reflect ہوئیں اور پھر اس مین بھی Reflect ہو رہی ہیں، جہاں پر انہوں نے کہا کہ صارفین بجلی کا بل ادا نہیں کرتے جناب والا! میں ــــــ

جناب ڈپٹی سپیکر: ضمنی سوال، ضمنی سوال جناب، The last one۔

جناب انور کمال خان: میں اس لئے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ باقی گاؤں کا تو مجھے علم ہے، لیکن ایک گاؤں نار حکیم خان، حکیم خان میرے دادا، پردادا تھے، وہ میرا اپنا گاؤں ہے، مجھے اتنا ہی علم ہے جتنا یہ سامنے

میرے بیٹھے ہوئے ہیں اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ ٹیوب ویل آج تک جب سے یہ بنا ہے ایک دن کیلئے، ایک سیکنڈ کیلئے بھی چالو نہیں ہوا تو یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ان کو ایک طرف یہ وہاں پر دکھا رہے ہیں اور دوسری طرف وہاں دکھا رہے ہیں، اس کا جواب دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب!

سینیئر وزیر: جناب سپیکر! ویسے جی تفصیلی تذکرہ تو یہ ہے کہ لکی مروت میں سوشل ویکشن پروگرام کے تحت ساٹھ عدد ٹیوب ویل نصب کئے ہیں، ان میں سے تاحال 24عدد ٹیوب ویلز کمیونٹی کے حوالے کئے گئے ہیں اور باقی ماندہ ٹیوب ویلوں کو کمیونٹی کو حوالے کرنے کی کوشش جاری ہے، حوالہ شدہ 24عدد ٹیوب ویلوں میں سے تیرہ عدد بجلی کے بلز کی عدم ادائیگی کی وجہ سے بند ہو چکے ہیں اور خدشہ ہے کہ باقی ماندہ ٹیوب ویلز بھی بجلی کے بلز ادا نہ ہونے کی وجہ سے بند ہو جائیں گے، معزز رکن اسمبلی سے استدعا کی گئی ہے کہ کمیونٹی کو سکیمیں لینے کیلئے تیاری کر لیں تاکہ منصوبہ آبنوشی سے لوگ مستفید ہو سکیں، ویسے میں انور کمال خان کی خدمت میں عرض کرنا چاہوں گا کہ آپکے پردادا کے نام جو گاؤں ہے، وہ یقیناً قابل احترام ہے اور آدمی کو اس پر بہت فخر بھی ہوتا ہے اور اس میں جو ٹیوب ویل ہے اس کو چلانا یہ تو اولین ترجیحات میں ہونا چاہیئے اور افسوس کی بات ہے کہ اتنے قیمتی اور تاریخی گاؤں میں سرکار نے اتنا خرچ کیا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 31لاکھ روپے۔

سینیئر وزیر: وہ اگر ایک سیکنڈ کیلئے بھی چالو نہیں ہوا ہے تو اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے اور میں چاہتا ہوں کہ کم از کم باقی نہ سہی، آپ کے پردادا کے نام کو جاری رکھنے کیلئے یہ ٹیوب ویل جاری ہونا چاہیئے، اور جسطرح عبدالاکبر خان نے دیا ہے بحث کیلئے تو آپ کا جو موضوع ہے، وہ بھی اسی میں کر لینگے اور بجائے اسکے کہ آپ ایک ایک گاؤں لے لیں، پورے صوبے کو لینگے اور ایک پالیسی بنا کر پورے صوبے کیلئے اس کو Use کر لینگے۔

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب، میں نے آپ سے ایک چھوٹا سا سوال یہ کیا تھا، میں اس پر اور تفصیل میں جانا نہیں چاہتا، آپ نے نار حکیم خان کے بارے میں ذکر کیا، مجھے امید ہے کہ میرے Grand son یہ

یاد کرینگے کہ انور کمال نے بھی اس ٹیوب ویل کا افتتاح نہیں کیا، (قہقہے) میرے توپر دادا کا نام ہے، لیکن وہ بھی توان شاءاللہ یہی سوچیں گے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔

جناب انور کمال خان: میں نے آپ سے صرف یہی سوال کیا تھا کہ مجھے پتہ ہے کہ اکثر محکمے جواب جو وہ دیا کرتے ہیں، ان میں سے نوے فیصد جوابات جو ہوتے ہیں، وہ غلط ہوتے ہیں، میں آپ کو مورد الزام نہیں ٹھہراتا، لیکن سوال کرنے کا اسمبلی میں ایک مقصد ہوتا ہے، ہم Elected لوگ انہی سوالات کے ذریعے، کال اٹینشن کے ذریعے اپنے علاقے کی جو مشکلات ہوتی ہیں، ان کو سامنے لیکر آتے ہیں اور جو مسائل ہمارے ہوتے اور جو مسائل ہمارے ہوتے ہیں، آپ کے جوابات کی وجہ سے بعض ایسی چیزیں ہوتی ہیں جو کہ بند پڑی ہوتی ہیں اور ہم ان کو اپریشنل کر دیتے ہیں، اس لئے ہم سوال اور جواب کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور یہ توقع آپ سے رکھتے ہیں کہ جو جواب بھی آپ کا محکمہ دے، وہ محض ایک کاغذی کارروائی نہ ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔

جناب انور کمال خان: اگر آپ یہ تسلیم کرتے ہیں تو پھر میں مزید آپ کو نہیں چھیڑتا (قہقہہ) اس لئے کہ ابھی بھی اس سے مطمئن نہیں ہوں، میرا سوال بڑا واضح ہے کہ وہ ٹیوب ویلز جو کہ آپریشنل ہیں، وہی ٹیوب ویلز انہوں نے دوسری مد میں بھی دکھائے ہیں، اس کا کیا آپ جواب دینا پسند کرینگے؟ اگر آپ اس پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں تو یہ بہ صد شوق آپ اس پر پردہ ڈالیں، لیکن پھر ایک دن ضرور یہ بات چھیڑے گی اور ہم یہ آپ وساطت سے جناب سپیکر کی وساطت سے محکموں سے یہ باز پرس کرینگے کہ آپ اگر دیکھیں کہ اس میں ایک سکیم ایسی بھی ہے، جس پر 61 لاکھ روپے کا خرچ آیا ہوا ہے، آپ یہ تمام سکیمیں جمع کرلیں تو مجھے انشاءاللہ العزیز یہ یقین ہے کہ ان تمام سکیموں پر کروڑوں روپے یہ تقریباً کوئی پچاس ساٹھ، ستر کروڑ روپے کی سکیمیں ہیں، جناب والا! ہم افسوس اس بات پر کرتے ہیں کہ یہ پچاس، ساٹھ کروڑ روپے میں تو، اگر آپ کسی صوبے کو دیتے تو اس کا چھوٹا سا بجٹ بھی آپ اس میں بنا سکتے ہیں، لیکن یہ تمام پیسے ہم دیکھ رہے

ہیں، آپ دیکھ رہے ہیں کہ ضائع ہو رہے ہیں، ان کو ضائع ہونے سے بچائیں، یہ آپ کے لوگوں کی، ہمارے لوگوں کی، غریب لوگوں کی محنت اور خون پسینے کا پیسہ ہے، اس کو ضائع ہونے سے بچائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: جناب سپیکر! ویسے معزز رکن اسمبلی کے بارے میں مجھے یقین ہے کہ وہ سوال برائے سوال نہیں کرتے ہیں اور جب بھی کوئی رکن اسمبلی ہمارے کسی محکمے کے بارے میں سوال کرتا ہے تو اس کو ہم Appreciate اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہماری Efficiency کو یا محکمے کی Efficiency کو بڑھاتے ہیں اور یہ افسوس کی بات ہے کہ کروڑوں اور اربوں روپے آتے ہیں اور وہ صحرائے گوبی میں اسی طرح خرچ ہوتے ہیں تو اس میں ضرور ہمارے محکموں کے اور کچھ ہماری قیادت کی، ہر سطح کی قیادت کی کمزوری شامل ہے اور جب جمہوریت نہیں ہوتی ہے تو وجہ یہی ہوتی ہے کہ محکموں سے پوچھنے کا کوئی ادارہ نہیں ہوتا ہے، اب جب اسمبلی وجود میں ہے، آپ لوگ Elected نمائندے ہیں، ہر چیز کے بارے میں آپ سوچیں اور اگر محکمے نے ہمیں مطمئن نہ کیا تو اس وقت تک اس کو نہیں چھوڑیں گے، جب تک وہ عوام کو اور آپ کو مطمئن نہیں کرینگے، اس لئے کہ ہم محکموں کی نمائندے نہیں ہیں، ہم عوام کے نمائندے ہیں، ہم آپ کی نمائندے ہیں اور آپ کے بول میں ہم بھی اپنا شامل کرکے اس کی اصلاح کرینگے انشاءاللہ۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Next item No. 3.

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! ضمنی سوال۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! زما دا یو سوال پاتے دے، 37 نمبرے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر صاحب! جس طرح انہوں نے کہا کہ ہم محکموں کی کارکردگی بہتر کرنا چاہتے ہیں انور کمال نے نشاندہی کی، اتنا اس پر فنڈ ضائع ہوتا ہے Approved rates ہوتے ہیں، آپ کو بھی پتہ ہے، مجھے بھی پتہ ہے کہ سارا معاملہ Approved rates کا ہے، میں کہتا ہوں کہ ایک میز ہے سو روپے کی اور محکمہ کہتا ہے کہ ہزار روپے کی تو مہربانی کرکے اس پر کوئی کمیٹی بنادیں تاکہ یہ جو Approved rates ہیں، ان کو Revise کرکے صحیح جو مارکیٹ ریٹس ہیں، ان کے مطابق لے آئیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب پیر محمد خان۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! دا سوال نمبر 37 دے زما۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے انور کمال خان دغه کښې دے ؟

جناب پیر محمد خان: زما والا جی، 37 نمبر پاتے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، دیکښې خو نشته دے جی۔

جناب پیر محمد خان: ماته راغلے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا به Fresh وی، مونږ سره خو نشته جی۔

جناب پیر محمد خان: بس یو شارټ غونډې ضمنی به پرے اوکړمه سر، دا بل Page راغلے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خه یو کاپی، سیکرټری ستاسو سره شته۔

جناب پیر محمد خان: بس شارټ کټ زه دغه کومه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خه۔

جناب پیر محمد خان: دا سوال نمبر 37 دے، تاسو اجازت اول اوکړئی جی، اجازت دے جی۔

(شور/قہقہہ)

جناب ڈپٹی سپیکر: فاضل رکن اسمبلی جناب تاج الامین جبل صاحب زمااستحقاق مجروح کړو۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: یو لفظ حذف کړئ، په دې اسمبلئی کښې نوے کس راغلو انور کمال وغیره، نو دا "وغیره" لفظ ترے اوباسئی، دا لږ غونډې یا دوئ وانؤریدو زما خیال دے په خپل جوش کښې وو هغه وخت۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: پیر محمد خان صاحب، سوال نمبر 37۔

* 37 _ جناب پیر محمد خان: کیاوزیر ورکس اینڈ سروسزازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ واٹر سپلائی سکیم ٹوالال سرائے ڈی پی میں منظور ہوئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم کے واٹر ٹینک پر کچھ کام ہوا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ فوجی حکومت آنے سے گزشتہ ساڑھے تین سالوں سے اس پر کام بند ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو حکومت ٹوالال سر واٹر سپلائی سکیم پر دوبارہ کام شروع کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

جناب اکرم خان درانی (وزیراعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) واٹر سورس کی ڈیویلپمنٹ پر کام ہوا تھا، لیکن واٹر ٹینک پر کوئی کام نہیں ہوا ہے۔

(ج) گزشتہ سال اے ڈی پی میں شامل نہیں کیا گیا، اس لئے کام بند ہے۔

(د) اب سکیم کو ڈرافٹ اے ڈی پی 04-2003 میں شامل کیا گیا ہے اور منظوری کی صورت میں کام شروع کیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا "د" جز اووایئی۔

جناب پیر محمد خان: بنه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: (الف) تا (ج)۔

جناب پیر محمد خان: "اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت ٹوالال سر سپلائی سکیم پر دوبارہ کام شروع کرنے کاارادہ رکھتی ہے" نو دوئ وائي چې "اب سکیم کو ڈرافٹ اے ڈی پی 04-2003 میں شامل کیا گیا ہے اور منظوری کی صورت میں کام شروع کیا جائے گا،" دا د اے ډی پی زوړ سکیم وو، خو خیر دے زه زیات چهیړ نه کوم، اوس دوئ دے جون نه مخکښې ماله پرے کار شروع کوی که نه، د جون په اے ډی پی کښې اوس شامل کول غواړی؟ ځکه چه دا جاری سکیم وو او اے ډی پی نه ویسلے شوې دے، سر! دا یقین دهانی د ماته راکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): ویسے سر! یہ مسئلہ پانی کا ہے اور پانی کے بغیر تو زندگی گزارنا مشکل ہے اور جیسا کہ سوال کی جواب میں کہا گیا ہے کہ ہم نے اس کو ڈرافٹ اے ڈی پی میں شامل کیا ہے اور منظوری کی صورت میں اس پر کام شروع کر دیا جائے گا تو انکے سوال کا جواب تو بالکل واضح ہے اور یہ ڈرافٹ اے ڈی پی کو بھی جانتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: داخو بالکل واضح دے۔

جناب پیر محمد خان: سر! وزیر صاحب سره پی اینڈ محکمه ده او فنانس هم دے، نو دا اوس په دې بجټ کښې به ئے شامل کړئی، ما خو وئیل چې د جون نه مخکښې ئے راته اوکړئی، نو که مخکښې ئے نه شئی کولے نو جون بجټ کښې به ئے شامل کړئی تاسو؟

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ خو وائی چې په ډرافټ ای ډی پی کښې شامل دے۔

جناب پیر محمد خان: نه دوئ دا اووائی کنه چې دیکښې به ئے شامل کړو۔

ایک آواز: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا دے جواب کښې دوئ وئیلے دی، شامل کړے ئے دے۔

جناب پیر محمد خان: نه جی دا هغوې ورلیږلے دے (آوازیں/شور) محکمے رالیږلے دے کنه۔

ڈاکٹر محمد سلیم: پوائنٹ آف آرڈر۔

سینیئر وزیر: اس میں ہم کوشش کریں گے، لیکن اگر شامل نہیں ہو سکی تو ہم ان کا جو صوابدیدی فنڈ ہے، اس میں شامل کر کے جلد از جلد ان شاءاللہ مکمل ہو سکتی ہے، اگر ہم یہ چھوڑ دیا تو ہم تو اپنے ای ڈی پی میں ہی شامل کریں گے۔

جناب پیر محمد خان: نه جی دا اے ډی پی زوړ سکیم دے، څه کار پرے شوې وو لږ غوندے باقی پاتے شوې وو، مارشل لاء راغله، هغوې کارونه بند کړل، دوئ سره که اوس فنډ وی خو اوس د پرے شروع کړی، که اوس نه وی نو خیر دے، ما باندې دومره جلدی نشته، جون کښې به ئے بجټ کښې بیا واچوئی، خو دوئ د اووائی چه او بس په هغه کښې به ئے شامل کړو، زوړ سکیم دے بس، مهربانی۔

سینیئر وزیر: ان سے میرا اتفاق ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، شکریہ جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ڈاکٹر سلیم صاحب!

ڈاکٹر محمد سلیم: محترم جناب سپیکر صاحب، دا مظفر سید صاحب، پیر محمد خان صاحب۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو حسب معمول شعر او نه وئیلو جی، تاسو شعر او نه وئیلو جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: او به وایم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وائی بیا جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: هغه به ډیر ښکلے شعر وی ښه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک دے جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: په دې مسئله باند نسرین خټک صاحبه، ایم پی اے ، دوئ ټولو په دې خبره باندې بحث اوکړو چه د سیدو میډیکل کالج او د ګومل میډیکل کالج هغوې رجسټرشوې نه دی، د فائنل امتحان ته شپږ میاشتے پاتے دی، تاسو منسټر صاحبان اولیږل۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: هغوې لاړل، هغی سره ئے خبرې اوکړے خو مونږ وایو چه دوئ د مونږ ته د اسمبلئی په فلور باندې دا خبره اوکړے چې هغوې سره څه خبره۔

جناب ڈپٹی سپیکر: څه خبرې اترے اوشے ، ټهیک دے جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: خو دا خبره کوم چه صرف شپږ میاشت د پاتے دی او دا رجسټریشن کول د ومره آسانه خبره نه ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: په رجسټریشن باندې ډیر وخت لګی، PMDC والا ډیر په سختئی دا کوی، د ګومل یونیورسټئی خبره ده او د پیښنور خبره ده، په لکھونو روپئی د هلکانو والدینو خرچ کړی دی او چې هغوې دغسې ګرځی، نه ورسره ډګری، ئے څوک منی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک دے جی، دے باندې د۔۔۔۔۔

ڈاکٹر محمد سلیم: خو هسې نه چې هغه خبره اوشی، شپږ میاشتے ګورے امتحان کیښې پاتے دی، دا شے پاکستان کیښې هر یو کال Delay کیږی، هسې نه چې هغه یو شے دا خطره رشتیا شی، وائی،

کی میرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ — ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

جناب محمد امین: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد امین خان، ایم پی اے۔

جناب محمد امین: سیدو کالج چونکہ زما په حلقه کیښې دے او د هغوې دا یوه ډیره Genuine مسئله ده، په دې باندې د مخکښې نه هم بحث شوې دے، ډاکټر صاحب په دې باندې بحث اوکړو، زه عرض دا کوم جی چه پنځم کال روان دے د سیدو میډیکل کالج او ورسره د ګومل میډیکل کالج، تر دے وخته پورے دا میډیکل کالجز Recognized نه شو او نن د هغې نتیجه دا ده چې د هغه کالجونو Students اسمبلئی ته راغلې دی او په هیڅ صورت باندې هغوې Disperse کیدو ته او خپل احتجاج ختمیدلو ته تیار نه دی، د هغوې مستقبل چه دے، هغه تیاره دے او د هغوې والدینو چه ورله خپلے زمکے خرڅے کړی دی او خپلے تمړے ئے نیمے کړی دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے باندې خو زمونږ ممبران صاحبان او وزیران صاحبان تلے دی هغوې سره ئے خبرې کړی دی، او منسټر هیلتھ هم راغلے دے نو لږ ساعت پس په دې باندې بحث کوی، لږ ساعت پس په دې باندې بحث بیا کوؤ۔

جناب امیر زاده: پوائنټ آف آرډر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ظفراللہ خان مروت۔

جناب ظفر اللہ خان: بله دے اسمبلئی یو قرارداد پاس کړے وو په سکولونو کښې په پینټ پتلون باندې پابندئی باره کښې نو زه دا ریکویسټ کوم چه دا صرف سکولونو پورے ده که اسمبلی باندې-----

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Excuse me Speaker Sahib مائیکروفونز، چونکہ چل نہیں رہے تو ہمارے لئے بڑی Problem ہے سمجھنے کی، We cannot understand what is going on in the House.

جناب ڈپٹی سپیکر: مائیکروفون کیوں نہیں چل رہے ہیں؟

محترمہ رفعت اکبر سواتی: یہ اپنی Sweet will پہ چلاتے ہیں اور ہمیں سمجھ نہیں آتی ہے۔

جناب ظفر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ پرسوں جو یہاں پہ ریزولیوشن پاس کی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: دا دے باندې خو ریزولیوشن بس پاس شوې دے کنه-----

جناب ظفر اللہ خان: دا صرف سکولونو پورے دے که اسمبلئی پکښې هم شامله ده؟

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن آور دے، ضمنی سوال ستا سو څه دے؟

جناب ظفر اللہ خان: اسمبلئی باندې لاګو نه دے سر۔

جناب امیر زادہ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب مظہر جمیل خان علیزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سر۔

جناب مظہر جمیل خان علیزئی: سر! یہ میڈیکل کالج کے حوالے سے ہے، میں بھی گومل میڈیکل کالج کے سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں، سر کہ وہاں بھی سیدو میڈیکل کالج کی طرح مسئلہ ہے، ابھی تک نہ اس کے Equipments خریدے گئے ہیں، جو میڈیکل کی آلات ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان دونوں کے بارے میں ابھی ہمارے منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

جناب مظہر جمیل خان علیزئی: اس کی ہاسپٹل کے لئے، حالانکہ پیسے ریلیز ہو چکے ہیں، لیکن باقاعدہ کام اس پہ شروع نہیں کیا گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ٹھیک ہے، جناب امیر زادہ خان۔

جناب امیر زادہ: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب ظفر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب امیر زادہ خان، امیر زادہ خان۔

جناب ظفر اللہ خان: دا چې کوم اسمبلی ریزولیوشن پاس کړے وو پینټ پتلون باره کښې، دا صرف سکولونو پورے وو که اسمبلئی باندې هم وی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: دا تعلیمی ادارو پورے وو۔

جناب ظفر اللہ خان: پینټ پتلون د اسمبلئی چه-----

جناب ڈپٹی سپیکر: دا تعلیمی ادارو پورے وو۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! دا اشاره جی کیدے شی زما طرف ته وی، زه به دا وایم چه دے د ګیره اوساتی زه به دا کوز کړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں، جی۔

جناب اسرار اللہ خان: دے د ګیره اوساتی زه به دا کوز کړم۔

(قہقہے/تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: دا ټهیک ده، Good offer should not be refused

جناب امیر زادہ: پوائنٹ آف آرڈر جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امیر زادہ خان، امیر زادہ خان۔

قاری محمد عبداللہ: پوائنٹ آف آرڈر جی، کارروائی معمول کے مطابق نہیں چل رہی ہے، گڑ بڑ ہے، ماحول Disturb ہو رہا ہے، میری گزارش ہے کہ قیمتی وقت کو ضائع نہ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امیر زادہ خان ایم پی اے۔

جناب امیر زادہ: سر! مجھے افسوس ہے، صبح سے میں اپنی باری کا انتظار کر رہا ہوں پوائنٹ آف آرڈر کے لئے، لیکن شاید اس ملک میں اپنی باری کا انتظار کرنے والے پیچھے رہ جاتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، امیر زادہ خان۔

جناب امیر زادہ: میں ایک اہم انسانی مسئلے کی طرف آپکی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کا ٹائم تو ابھی نہیں آیا ہے، یہ کال اٹینشن ہے، ابھی آپ Wait کر لیں۔

جناب امیر زادہ: سر! میں نے Adjournment motion وہاں پہ جمع کی ہوئی ہے، لیکن یہ مسئلہ ایسا ہے جو فوری ضرورت کا مستحق ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں ابھی آپ امیر زادہ خان، Wait کر لیں۔

جناب مشتاق غنی: سر! یہ 154 کی خلاف ورزی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، میں سمجھ گیا ہوں، آپ امیر زادہ خان ابھی Wait کر لیں۔

جناب فرید خان: سر! کالام کی نمائندگی ہونی چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، کالام کی نمائندگی ضرور ہو گی اللہ کے فضل و کرم سے، ان کو نمائندہ منتخب کر کے یہاں بھیجا گیا ہے۔

جناب امیر زادہ: 26 اپریل کی اخبار میں یہ جو بات آئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہی آپ اس کو کال اٹینشن میں لی آئیں نا، جہاں پہ موشن۔۔۔۔۔

جناب امیر زادہ: سر! وہاں پہ بارشیں ہوئی ہیں، تباہی مچی ہوئی ہے، وہاں پہ روڈ بہہ گئے ہیں، وہاں پہ مکانات تباہ ہوئے ہیں، وہاں پر زرعی زمینیں تباہ ہو گئی ہیں، میں مختصراً یہ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مختصر۔

جناب امیر زادہ: ہمارے پاس آپ کی دی ہوئی ایک چیز ہے، وہ ہمارے جیبوں میں شناختی کارڈ ہے، وہ شناختی کارڈ بھی ہم سے واپس لے لیں، ہماری یہ پہچان بھی ختم کر دیں یا ہم پہ اتنا احسان کر دیں کہ ہم یہ دعوی کر سکیں کہ ہم پاکستانی ہیں، یہی میں سینیئر منسٹر سے کہونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب! میرے خیال میں آپ انہیں جواب دے دیں۔

(قہقہہ)

سینیئر وزیر: جناب! آپ ان کے سوال کی تشریح کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اللہ کے فضل و کرم سے پاکستانی ہیں اور ہماری اس اسمبلی کے معزز رکن ہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے، یہ آپ اپنے آپ کو کسی احساس کمتری میں مبتلا کریں، آپ کو مکمل جو ہے۔۔۔۔۔

جناب امیر زادہ: نہیں سر، ہمارے ہاں پینتیس سالوں میں کچھ بھی کام ہمارے علاقے میں نہیں ہوا، والی سوات کے زمانے کے جو روڈ بنے تھے وہ اب قبل مسیح کا منظر پیش کر رہے ہیں، ہمارے جو ہسپتال والئی سوات کے زمانے میں بنے تھے، وہ اب ویران پڑے ہوئے ہیں، جو سکول ان کے زمانے میں بنے تھے وہ اب خالی پڑے ہوئے ہیں تو جناب، ہم کس طرح کہہ سکیں گے کہ ہم پاکستانی ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپ اس کو اپنے Adjournment motion میں یا کال اٹینشن میں یا کسی قرارداد میں لی آئیں نا، بعد میں اس پر بات کر لیں گے۔

جناب امیر زادہ: سر! میں نے ساری چیزیں جمع کی ہوئی ہیں، لیکن ہماری باری نہیں آتی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کی باری آئے گی انشاءاللہ۔

جناب امیر زادہ: یہاں پہ سفارش چل رہی ہے، اسمبلی کے فلور پر بھی تو ہم پھر کہاں جائیں؟

جناب محمد امین: جناب سپیکر! جناب سپیکر!

Mr. Deputy Speaker: Next, No, no.

حامد اقبال خان۔

انجینیئر حامد اقبال: هیلتھ منسټر چې دے هغه به د هغوی وضاحت اوکړی، زه یو څو خبرې کول غواړم دے میډیکل کالج مسئلے متعلق۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هغې باندې جی خبرې اوشے جی۔

انجینیئر حامد اقبال: نه دی شوې جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اوشو، دے باند بحث کیږی کنه، عرض دا دے جی۔

انجینیئر حامد اقبال: هغوی دا اووئیل چه تاسو لاړئی، هغوی سره مو مذاکرات اوکړل نو د هغه مذاکراتو څه اوشول جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: هغه جواب به دوئ کوی کنه، دوئ له موقع ورکوو۔

انجینیئر حامد اقبال: هغې کښې زه یوه خبره Add کول غواړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی Add کړئی پکښې۔

جناب مظفر سید: د دې ممبر صاحب استحقاق د نه مجروح کیږی، جواب د ورله ورکړے شی، کم از کم د هغه تسلئی د پاره ورکول پکار دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: د دوئ جواب خوئے ورکړو دوئ ته جی، امیر زاده خان ته۔

جناب امیر زادہ: نہیں جی، مجھے جواب نہیں ملا، میں کل بھی تین گھنٹے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، میری گزارش یہ ہے آپ سے۔۔۔۔۔

جناب امیر زادہ: سر! مجھے یہاں بیٹھنے کا یہاں پر کوئی حق نہیں، اگر میرے حلقے کے عوام کی مشلات اس حکومت کے دور میں، مجلس عمل کے دور میں بھی کم از کم ان کے جو نقصانات ہوئے ہیں، ان کو جو تکلیفیں ملی ہیں، ان کے ساتھ کس طرح Share کرتے ہیں؟ یہ مجھے منسٹر صاحب بتادیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب! آپ ان کو جواب دے دیں۔

سینیئر وزیر: محترم امیر زادہ صاحب جو کہ ایک ایسے علاقے سے تعلق رکھتے ہیں، جو کالام اور بحرین ہے اور ان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ہم تو کہتے ہیں کہ دنیا بھر، لیکن دنیا میں نہ سہی تو پاکستان میں خوبصورت ترین علاقے کی نمائندگی کرتے ہیں اور یہ خوبصورت علاقہ صوبہ سرحد کے لئے بالکل ایک ماتھے کا جھومر ہے اور ماتھے کے اس جھومر کی حفاظت کرنا، اس کو اس طرح خوبصورت رکھنا، یہ ہماری ترجیحات میں شامل ہے، جہاں تک سڑکوں کی بات ہے تو ہر سال موسم برسات میں کالام میں یہ مسئلہ درپیش آتا ہے، اگر بارشیں نہ ہوں تو بھی مصیبت، اگر ہو جائیں تو اس سی بھی کچھ مسائل پیدا ہوتے ہیں، لیکن میں اتنا ضرور عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے جو مسائل پیش کئے ہسپتالوں کے حوالے سے، یہ بالکل ایک علیحدہ موضوع ہے اور وزیر صحت تشریف فرما ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر جتنا ہو سکتا ہے وہ کرلیں گے، یہاں وزیر تعلیم تشریف فرما ہیں، انہوں نے تعلیم کے حوالے سے بات کی ہے اور میں نے رات کو بھی ورکس اینڈ سروسز کی سیکرٹری سے بات کی ہے اور انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ بارش کی وجہ سے سڑکیں بند ہوئی تھیں، ان کو ہم نے دوبارہ کھول دیا ہے اور میں آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ ہم نے MRDP کی تحت جو وہاں کا پراجیکٹ ہے، اس کے لئے خاص کالام کی جو سڑک ہے، اس کی مرمت اور بنانے کا آغاز کردیا ہے اور ان کی خواہش کے مطابق

ویسے تو سڑکیں عموماً نیچے سے اوپر کی طرف جاتی ہیں، لیکن ان کا مطالبہ تھا کہ یہ اوپر سے کام شروع کیا جائے تاکہ کالام کے لوگوں کو اطمینان ہو اور میں سمجھتا ہوں کہ صوبہ سرحد میں مانسہرہ کے کچھ Spots ہیں اور کالام کو ہم نے Develop اس لئے کرنا ہے کہ یہاں سیاح آجائیں اور ٹورازم کے لئے بہتر ہو جائیں اور پوری دنیا کے لوگوں کو اس طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں اور اس کے لئے، جناب سپیکر صاحب ہم نے ٹیلی ویژن والوں سے بات کی ہے کہ وہ جاکر کالام کی ایک فلم اس طرح بنادیں کہ اس کو اپنے پی ٹی وی پہ بھی اور جیو ٹی وی پہ بھی اور جتنے بھی باقی چینلز ہیں، ان پر چلائی جائے اور پوری دنیا کو کالام کی طرف متوجہ کیا جائے، اس لئے کوئی مایوسی نہیں ہونی چاہیئے اور ہماری جو چادر ہے، وہ آپ کو معلوم ہے، اس چادر کے مطابق جتنا آپ لوگ پاؤں پھیلا سکتے ہیں، آپ کو پھیلانے کی اجازت ہے۔

<u>جناب فرید خان:</u> محترم سپیکر صاحب! میں ایک ضروری بات کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، ایک انتہائی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> حامد اقبال صاحب! حامد اقبال۔

<u>Engr. Hamid Iqbal:</u> Thank you, Mr. Speaker.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی جی، مختصر۔

<u>انجینئر حامد اقبال:</u> مختصر جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی جی۔

<u>انجینئر حامد اقبال:</u> دا مسئله چې کومه دوئ اوچته کړې ده د میډیکل کالجز د پاره، دی کښې دوه میډیکل کالجز داسې دی چه گورنمنټ د هغې Approval ورکړے دے او د هغوې پراسپیکټس هر کال ایشو کوی او هر کال پکښې ایډمشنز کوی چې یو کالج Recognized نه وی او د هغې په پراسپکټس کښې لیکلے وی چې دا Provincially recognized دے او مطلب دا دے چې مونږ تاسو ته ډگرئی ورکوؤ نو دا به Recognized وی نو دوئ ولے د غلط بیانئی نه کار اخلی؟ پکار دا ده چې تر څو پورے چې دا Recognized شوې نه وی، Further په دیکښې Admissions بند کړے شی او چې کوم دوئ دغه کړے دے،

دوئ وائی چه PMDCټیم چې دے، په څو هفتو کښې ځی، هلته کښې به Visit کوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے باره کښې به دوئ جواب اوکړی کنه، دے باندې اوس جواب اوکړی۔

انجینئر حامد اقبال: دا انتهائی اهم ده جی، دا صرف نه ده، دا ما سره لسټ دے جی په دیکښې د دې بالکل ذکر نشته، چه په دیکښې دا دوه میډیکل کالجز چه کوم ګومل دے او سیدو میډیکل کالج دے، په دیکښې د دې بالکل ذکر نشته چه دا Provisionalئے کړی دی یا Recognizedدی یا د دوئ په لسټ باندې شته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا به دوئ جواب بیا اوکړی۔

انجینئر حامداقبال: دا خبرې، یو منټ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ ته موقع ورکوؤ جی، دا بیا Cover کوؤ۔

انجینئر حامداقبال: یو منټ جی، یو منټ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

انجینئر حامد اقبال: د دې نه علاوه د مطالباتو یو لسټ هغوې ماته ئے هم راکړے دے، دوئ ته ئے هم ورکړے دے، دا دوئ د ماته Classificationاوکړی چه دا به دوئ Time frameبنائی جی، دا نه چه دوئ راشی او ماته یقین دهانی راکړی، چه کار به اوشی ځکه چه یو کار په پینځو کالو کښې اونه شو، پینځو کالو دا مسئلے راروانے دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ده جی، ډیرے خبرې مو هغوې سره اوکړلے او دوئ به خپله اوس بیان اوکړی۔

انجینئر حامداقبال: دا زیاتے روان دے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه ٹھیک ده، بس ٹھیک یو،Next جی،Next۔

انجینئر حامداقبال: زیاتے روان دی جی، دوئ د ماته۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: No. No، کوئسچن آور جی ختم شو، اوس یو درے سواله مونږه سره پاتے کیږی، هغه یو د ډاکټر ذاکر الله صاحب دے او د جناب شوکت حبیب صاحب دے او یو د شاه راز خان دے، دا به سبا ته Defer کړؤ، ځکه چې وخت یو د ګهنټه وو او اوس باره بجے دی۔

آوازیں: دا درے واخلئی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درے واخلمه، جناب ډاکټر ذاکر الله صاحب۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبد الاکبر خان: ډیر Importantپوائنټ آف آرډر دے، دے رولز کښې د کوئسچن له کوئسچن آور دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آؤ جی۔

جناب عبد الاکبر خان: کوئسچن آور، که تاسو خیال کړے وی چې بریک همیشه طور باندې د کوئسچن آور نه پس کیږی، اوس تقریبا دس بجے سیشن شروع شوې دے Almost two hoursچې کوم دے نو Almostختم شو، صرف کوئسچن آور نه دے ختم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه دے ختم جی۔

جناب عبد الاکبر خان: نو دا دوه ګهنټے، د یوے ګهنټے په ځائے باندې دوه ګهنټے دے، کوئسچن آور له ورکړئی نو نور بزنس له به څومره وخت ورکوئی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: نو تاسو ئے ډیر اوږد کړئی کنه جی۔

جناب عبد الاکبر خان: نه جی، نور اوږده خبره نه ده، تاسو په چیئر باندې ناست یئی، تاسو په چیئر باندې ناست یئی، ستاسو یو ګهنټه برابر شی، نو کوم سوال پاتے شی هغه Carriedکړئی، بیا چه د دې ډیپارټمنټ چه کله سوال راځی نو هغه ته ئے واړوئی، نو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا درے سواله آخری دی، په دې به ډیر وخت نه اخلو۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Do not mind but it is against the rules.

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب، سوال نمبر 94 جی۔

* 94 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گل آباد ڈگری کالج اسپنڑ سے صرف ایک فرلانگ کے فاصلے پر ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کالج تک گاڑی میں جانے کے لئے گل آباد سے ہوتے ہوئے تین چار کلومیٹر فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ایک فرلانگ روڈ نہ ہونے کی وجہ سے طلبہ کو کافی مشکلات کا سامنا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو حکومت اسپنڑ روڈ گل آباد ہسپتال تا ڈگری کالج گل آباد تحصیل ادیزئی ضلع دیر تک لنک روڈ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیلات فراہم کی جائے؟

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): (الف) جی نہیں، بلکہ ایک کلومیٹر فاصلہ پر ہے۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) اس سڑک کی تعمیر کیلئے تخمینہ لاگت مبلغ 1.500 روپے Draft ADP 2003-04 میں شامل ہے۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زما سوال خو ډیر آسان دے جی، د گل آباد ډگری کالج د اسپنړ روډ نه ورته وایم چې یو فرلانګ دے، دوئ راته وائی "یہ ایک کلو میٹر کے فاصلے پر ہے" د اسپنړ نه جی دا پنځلس کلو میټره دے، دا ماته ډیر اهمیت۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ستاسو سوال خو دیکښې نشته جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: دا سوال دے، زه خو دیکښې۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مونږ سره خو نشته، دا کوم نمبر دے؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: سوال نمبر 94 جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سوال نمبر 94؟

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو دلته ډاکټر ذاکر الله، ټھیک شو جی۔

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: ډاکټر ذاکر الله دے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټھیک شو جی۔

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: او۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نو دیکښې تاسو څه وائی؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زه دا وایمه چې د اسپنړ نه د ګل آباد کالج جی، پندره کلومیټر دے او دوئ وائی، چې یو کلو میټر دے او زه ورته وایم چې ګل آباد اسپنړ روډ نه یو فرلانګ دے نو دوئ کلومیټر یادوی، زه د دې په اهمیت دا زور ورکول غواړم چې دا دومره اهم روډ دے چې د دې نه کالج سټوډنټس په یو لاره باندې راتاویږی او کم از کم بیس کلومیټر فاسله طے کوی، دا ورته شارټ کټ یو لار ورغلې ده، نو که منسټر صاحب په Priorityباندې دا مونږ ته څنګه چې وئیلی دی، زه مشکور یم چې په ډرافټ اے ډی پی کښې مو شامل کړې ده، خو چه Priorityدے له ورکړی او دا خواه مخواه شامل کړی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینئیر وزیر: ډاکټر صاحب چه څنګه وائی هغه شان به کوؤ، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټھیک ده جی، شکریه جی، Nextجی، سوال نمبر 119منجانب شوکت حبیب صاحب، نشته۔

جناب شاہ راز خان: کیاوزیر ورکس اینڈ سروسزازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) یہ درست ہے کہ بٹ خیلہ طوطہ کان روڈ حال ہی میں تعمیر کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ روڈ کی ناقص تعمیر کی انکوائری کرنے اور مرمت کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): (الف) جی نہیں، بٹ خیلہ طوطہ کان روڈ (19 کلومیٹر) -1974-75 میں پختہ کی گئی تھی، اس وقت سے لیکر 2001 تک اس روڈ پر کوئی خاطر خواہ مرمت کا کام نہیں ہوا تھا، جسکی وجہ سے اس روڈ کی حالت نہایت خراب ہو چکی تھی، ضلعی حکومت کے قیام کے بعد علاقے کے عوام کے شدید مطالبے پر اور روڈ کی خستہ حالی کے پیش نظر اس روڈ کی مرمت/دوبارہ آبادکاری کیلئے خوشحال پاکستان فنڈ (2001-2002) سے ایک کروڑ روپے کی رقم فراہم کی گئی اور چار ماہ کی نہایت قلیل مدت میں اس روڈ پر ایک انچ موٹی پری میکس بچھائی گئی، جس میں 575 میٹر لمبائی پر TST کے کام کی لاگت بھی شامل ہے۔

(ب) جی نہیں، مذکورہ روڈ کی دیکھ بھال نہایت اچھے طریقے اور معیار کے مطابق کی گئی ہے، اگرچہ امسال نہایت شدید بارشیں ہوئیں پھر بھی یہ سڑک نہایت عمدہ اور اچھی حالت میں ہے، ٹوٹ پھوٹ کا نام ونشان تک نہیں ہے۔

(ج) چونکہ (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں نہیں ہیں، اس لئے اس روڈ کی انکوائری اور مرمت کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ یہ نہایت عمدہ اور صحیح حالت میں ہے، اس روڈ پر ہر قسم کی ٹریفک ہر وقت بلا روک ٹوک رواں دواں ہے۔

قاضی محمد اسد: مسٹر سپیکر سر! میں رول 33 کے تحت شارٹ نوٹس کوئسچن پوچھنا چاہتا ہوں، جو کہ کوئسچن آور کے بعد اجازت ہے رولز کے تحت پلیز۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی اس کے بعد یہ پیش کریں۔

قاضی محمد اسد: اچھا جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

جناب شاہ راز خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زما سوال نمبر 127 جوابونه د دوئ را کړی دی، نو دوئ خو وائی چه بالکل روډ خه ټهیک ټهاک دے، هیڅ قسمه څه مسئله پکښې نشته، یو کروړ روپئی مو پرے لګولے دی او ټریفک پرے رواں دواں دے او څه مسئله نشته، خو زما عرض دا دے چې کوم لوکل یونین کونسل دے، دا طوطاکان روډ دے نو طوطا کان یونین کونسل په دې باندې قرارداد

پاس کړی دی چې دا روډ خراب دے ، بیا هغوی ډسترکټ اسمبلئی کښې پورا ئے یو احتجاج کړے دے چې د دې Specificationخو مونږ ته اوښائی چې په کوم Specificationباندې دا روډ جوړیږی او د دې یونین کونسل ناظم چې دے ، نو هغه د سروسز د هغوی چې کوم هغه لوکل کونسل دے نو د ډسترکټ د هغه ډسترکټ لوکل کونسل هغه انچارج دے د سروسز او هغوی د هغې باوجود وائی چې ماته Specificationنه دے ملاؤ شوې ، اوس دوئ خو دلته د کتاب نه لیکلی دی چې بهئی بالکل هر شے ټهیک ټهاک دے ، خو زما ګزارش دا دے چې دا کمیټئی ته ریفر کړئی چې اوګوری په ګراؤنډ باندې چې واقعی که هغه کښې Cracksوی، هغه روډ د Specificationمطابق نه وی، یو کروړ روپئی وربا ندې لګیدلے دی نو پکار ده چې د دې، او په دې کښې انکوائری هم روانه ده جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه جی۔

جناب شاہ راز خان: هغه انکوائری روانه ده د انټی کرپشن والا او دوئ وائی بالکل جی دا خو ټهیک ټهاک دے ، نو زه وایم چې د دوئ نه لږ تپوس هم اوکړئی، د محکمو والا نه چې داسې جواب د کم از کم نه ورکوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب جی۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔شاه راز خان چې کوم سوال کړے دے د دې روډ په باره کښې جناب سپیکر، دا نورلس کلو میټره دے او ضلعی حکومت دا دے چې دا روډ خراب شوې هم وو خو د شدید مطالبے پیش نظر دا د خوشحالی فنډ 2001او 2002کښې په دې باندې یو کروړ روپئی د مرمت د پاره ورکړلے شوې وی، او دا واحد روډ دے چې د شلورو میاشتو په ډیر ه لږه موده کښې دے باندې یو انچ پری میکس خور کړے شو او 2002کښې دا مکمل کړے شو، د دې 575میټر لمبائی باندې د TSTکار شوې دے او د معزز رکن اسمبلئی دا خبره بالکل ټهیک ده چې په دې باندې TSTچې کوم کار شوې وه نو په هغې کښې په یو حصه کښې ډوغلے جوړے شوې وی او هلته کښې کندے غوندے جوړے شوې وی، خو دے روډ له چې کوم فنډ ورکړے غوے وو، د هغې دغه واقعی کم دے او دا خپله زما په

Knowledge کښې اوس راغله چې که داسې انکوائری په دې باندې روانه ده نو زه Frankly درخواست کوم که چرته داسې دوئ دے یو وخت کښې زما سره کښې نی او په دې باندې غور اوکړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ده جی، تاسو Mutually دغه اوکړئی جی۔

سینیئر وزیر: او جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قاضی محمد اسد صاحب۔

قاضی محمد اسد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو مسٹر سپیکر، میرا سوال منسٹر فار ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے ہے، گزارش یہ ہے جی کہ ہمارے پاس پراپرٹی ٹیکس کی Categories مقرر کی گئی ہیں اور میرے بھائی، منسٹر آصف اقبال صاحب جب وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن تھے تو ان سے بھی ہم نے یہ سوال پوچھا تھا کہ ہری پور میں جو پراپرٹی ٹیکس کے لئے Category مقرر کی گئی ہے وہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قاضی صاحب! یہ سوال تو آپ Written دینگے اور منسٹر صاحب اس کا۔۔۔۔۔

قاضی محمد اسد: وہ سر، میں ایک منٹ کا سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی تو وہ آپ کو جواب نہیں دے سکیں گے۔

قاضی محمد اسد: جی اور سی انہوں نی نبائی ہے، لیکن پچھلے جو وزیر تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں آپ کی موشن آئی ہوئی ہے، وہ ایجنڈے میں کل انشاءاللہ آجائے گی۔

قاضی محمد اسد: سر! شاید ہم کل نہ ہوں، کیونکہ وزیر اعلیٰ صاحب نہ ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انشاءاللہ ہوں گے، کل انشاءاللہ ہوں گے۔

قاضی محمد اسد: کیونکہ ان کے محکمے نے نوٹسز جاری کئے ہیں۔

جناب فضل ربانی (وزیر محاصل و آبکاری) اگر میرے محترم بھائی، اگر میرے محترم بھائی Written میں کوسچین بھیج دیں تو اس کا انشاءاللہ جواب انہیں ملے گا، ویسے اس کا اپنا ٹائم مقرر ہے اور اس دن یہ ہوگا۔

## غیر نشاندار سوال اور اس کا جواب

119 _ جناب شوکت حبیب: کیا وزیر آب پاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 94-1995 میں گاؤں شیخ بلند بانڈہ ضلع کوہاٹ کی آبنوشی سکیم تقریباً30لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہوئی ہے۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ تاحال بند ہے

(ج) آگر(الف) اور(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ سکیم کو کب تک چالو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے۔

قاری محمود (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، اچھا Next درخواستونہ دی۔

ایک آواز: چائے وقفہ نشتہ۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: چائیو وقفہ تاسو مناسب خنکہ گنڑئی، دا یو آئتم دغہ کوؤ، دا نن معزز اراکین اسمبلئی چې کوم دی، درخواستونہ رالیږلی دی Leave د پارہ او دے کبنې دی، محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی د 28/4/2003 د پارہ، جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے، 28/4/2003سے 4مئی تک، محترمہ یاسمین پیر محمد خان 28/4/2003جناب بشیر احمد بلور، 28/4/2003جناب سید قلب حسن، 28/4/2003جناب قربان علی خان، 28/4/2003۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: Leave is granted.

قاری عبداللہ: مولانا نظام الدین کی درخواست آئی ہے، آپ نے ان کا نام نہیں لیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

قاری محمد عبداللہ: مولانا نظام الدین کی درخواست میں نے بھیج دی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا جی، وہ بھی شامل کرلیں گے، اچھا یہ ہے، مولانا نظام الدین صاحب بھی، Next جی، کہ دا سې او کړو، جی چې وقفہ نہ بعد۔۔۔۔۔

میاں نثار گل: پوائنٹ آف آرڈر جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! 25تاریخ باندې ، شکر الحمد لله تاسو دلته ناست یئی، نن تاسو سپیکر یئی، ما یوه خبره اوچته کړې وه د امن و امان متعلق چې ضلع کرک کښې څلور کسان شهیدان شوی دی او درے کسان زخمی دی، خو هغه وائی که تاسو جناب سپیکر، زما خبره په غور سره اوریدلے وه نو هغې نه پس یو بل Operationاوشو، نن سبا تاسو ته پته ده چې د کټائی موسم دے ، غنم خلق کټ کوی، غوبل کوی او په بورو کښې بندوی، جناب سپیکر! پولیس تقریبا په دوئمه ورځ باندې لاړو نو هلته کښې آپریشن ئے اوکړلو او د خلقو غنم ئے اوسوزول۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پولیس اوسوزول؟

میاں نثار گل: کورونه ئے وران کړل، نو اسی (80)کسان پولیس والا وو، دوه مفروران وو، هغوې څلور کسان شهید هم کړل،هغه ترینه اووتل، هغې نه پس دوئمه ورځ پولیس بیا هم هلته لاړولو، غنمو باندې ئے غصه اوباسله، جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں صاحب! ستا په امن و امان باندې بحث دے۔

میاں نثار گل: نه که دغه نمونه زه امن و امان ته انتظار کومه نو کیدے شی چې زما ټوله ضلع هم ورانه شی او ورځ رانشی، نو زه تاسو ته ریکویسټ کومه، هغه ورځے مو هم کړے وو، نن بیا هم کومه، مودبانہ ا پیل کرتا ہوں کہ اس کی جوڈیشل انکوائری کرائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جوڈیشل انکوائری کروائی جائے۔

میاں نثار گل: یہ جی پورے ضلع کا مسئلہ ہے، میاں نثار گل کا مسئلہ نہیں ہے، وہاں امن ومان کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ چار جب لوگ شہید ہو گئے ہیں، تین زخمی ہو گئے ہیں،اس کے بعد بھی پولیس والے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب! جوڈیشل انکوائری کے بارے میں کہہ رہے ہیں۔

Mr. Abdul Akbar Khan: I am on Point of order.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

## نکتہ اعتراض

جناب عبد الاکبر خان: دا مونږه خو کومه ایجنډه درکړې وه سپیکر صاحب ته، هغې باندې بحث شوې وو، نن زمونږه دوه آئټمه د ایجنډې، تاسو وئیلی دی چې امن و امان باندې به بحث کیږی، زمونږه چه کوم Contractual appointments باندې بحث دے، هغې باندې د ګورنمنټ جواب دے، هغې نه پس Postings & Transfers باندې دی، هغه دواړه آئټمه خو لاړل، ختم کړل تاسو نو بیا تاسو امن و امان باندې شروع کړل، نن خو به جی، ټائم کوم ځائے دے؟ بل دوئمه خبره جی دا ده چه تاسو دے رول (3) 73 ته اوګورئی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رول 73؟

Mr. Abdul Akbar Khan: "If not less than fourteen Members so rise, the Speaker shall announce that leave is granted and the motion will be taken as the last item for discussion for not more two hours on such day, as soon as possible, within three days after the leave is granted, as the Speaker may fix".

جناب سپیکر! زما یو ایډجرنمنټ موشن Admit شوې وو او د هغې نن څلورمه، پنځمه ورځ ده، نو خیر دے زه دا نه وایمه، تاسو سبا ایجنډا اچولے وه په هغه کښې هم نشته دے، بلے ورځ ته د شی خو زه په ریکارډ راوستل غواړم چه د دې رولز Violation کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا ستاسو ایډجرنمنټ موشن او د محترمه رفعت اکبر صاحبه، هغه دواړه شته، نن ایجنډا کښې مونږ راوستے دی خو دے سلسله کښې ما عرض کول چه، لکه څنګه تاسو اووئیل چه د کنټریکټ باندې مونږه بحث مکمل کړے نه دے۔

جناب عبدالاکبر خان: جی جی، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Conclude شوې نه دے او محکمه تعلیم تبادلو باره کښې، نو که دا تحریک التواء او دا توجه دلاؤ نوټسسز چه کوم دی، دا سبا ته Defer کړؤ نو-----

جناب عبدالاکبر خان: او، بالکل جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نو هغه وخت به پرے لږ د غه شی۔

جناب عبد الاکبر خان: بالکل جی، مونږه خو تیار یو خو دا Contractual appointmentsباندې او انور کمال خان وائی چه زه به Speechکوم او بیا گورنمنټ سائیډ نه به هم په دې باندې جواب غواړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹهیک ده جی، نو زما خیال دے چه نیمے گهنټے د پاره به ٹی بریک اوکړو، نیمے گهینټے د پاره به ٹی بریک۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹهیک شوه جی۔

مولانا محمد ادریس: جناب سپیکر صاحب! زما یوه ضروری مسئله ده، زمونږ په حلقه کښې ستاسو په وساطت د وزیر صحت صاحب توجه دے طورف ته راړول غوړمه چه کله Banپورته شو دیکښې د تنگی د پاره مونږ د یو ډاکټر صاحب ټرانسفر د پاره وئیلی وو او سلطان سکندر صاحب سرجن هغه ټرانسفر شوې دی تنگی ته او د هغه په ځائے چه کوم ډاکټر ایاز شاه صاحب وو نو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو جی۔

مولانامحمد ادریس: یو منټ جی، ډیره ضروری مسئله ده، ډیره اهمه۔۔۔۔

جنابب ڈپٹی سپیکر: دا خو جی ځان له Discussکیدے شوه۔

مولانامحمد ادریس: هغه جی زه عرض کرمه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو نه کال اټینشن دے۔۔۔۔

مولانا محمد ادریس: ډیره ضروری مسئله ده جی، هغه ډاکټر ایاز شاه صاحب چارسدے ته د ډاکټر حلیم په ځائے لاړ، هغه ډاکټر حلیم صاحب څه کوشش بیا اوکړو او هغه دواړه Disturbکوی، نو زه دا یو خواست کوم او وزیر صحت ته مو مخکښې هم وئیلی وو چې دغه کوم ټرانسفر شوې وو چې هغه بحال اوساتلے شی او هغه سلطان سکندر صاحب تنگی کښې پاتے شی او ډاکټر ایاز شاه صاحب چارسده کښې پاتے شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب چائے کا وقفہ ہوا چاہتا ہے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب عبد الاکبر خان: جناب سپیکر! یہ بات Tea break سے پہلے Decide ہو گئی تھی کہ Adjournment Motions اور Call Attention Notices ہیں، وہ Carried over ہوں گے Next day کو اور آج جو ایجنڈے پر Main item ہے-----

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): جناب سپیکر! دوسری چیزیں تو Carried over ہو جائیں گی، لیکن جو Questions ہیں، وہ Lapse ہو جائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ تو Questions ہیں، Lapse ہو گئے۔

وزیر قانون: اگر اسی طرح آپ وہ لیکر آئیں گے تو یہ 14 دن کے بجائے 28 دن تک تو ہو جائیں گے۔

جناب عبد الاکبر خان: کیا فرق پڑتا ہے؟

وزیر قانون: نہیں جناب، فرق تو پڑتا ہے، ہمیں کام بھی کرنے ہیں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میں نے پولیس کے متعلق ایک سوال کیا تھا، آپ نے ملک ظفر اعظم صاحب سے کہا بھی تھا کہ اس کا جواب دیا جائے، لیکن پھر پوائنٹ آف آرڈر پر عبد الاکبر خان صاحب اٹھ گئے، اس لئے میں ملک صاحب سے اب اس کی وضاحت چاہتا ہوں کہ میں نے کیا کہا تھا کہ ضلع کرک میں-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، لاء اینڈ آرڈر کے بارے میں کل انشاءاللہ بات ہو گی۔

میاں نثار گل: نہیں جی، لاء اینڈ آرڈر کا اپنا مسئلہ ہے، یہ صرف ایک ضلع کا مسئلہ ہے، جس میں چار بندے شہید ہوئے ہیں اور میں نے پورا واقعہ دوسری دفعہ بھی بیان کیا اور آپ نے کہا بھی تھا، ملک صاحب کو کہ اس کا جواب دیا جائے تو میں اب تھوڑی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ مجھے اس کا جواب دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، میاں صاحب! دا د لاء اینڈ آرډر سره تعلق لری کنه، دا جوډیشل انکوائری تاسو یا دوئ، نو سبا به د هغې سره یو ځائے دوئ خپله رائے پیش کړی کنه۔

میاں نثار گل: سر ہو سکتا کہ کل-----

جناب ڈپٹی سپیکر: سبا په اوکړی، سبا به اوکړی انشاء الله۔

میاں نثار گل: سر ہو سکتا ہے کہ کل میں موجود نہ ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر انور کمال خان، مسٹر انور کمال خان۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب!

## کنٹریکٹ بھرتیوں پر بحث

Mr. Deputy Speaker: Mr. Anwar Kamal Khan, to conclude his arguments about the Contract Policy.

جناب پیر محمد خان: سر! یوه خبره سحر چې مونږ اول ټائم چهیړلے وه نو د هغې جواب چا په هاؤس کښې درے څلور منسټران صاحبان تلي وو هغه ستوږ نتا ن بهر ولاړ وو، هغه اول پیش کړئی چې څه جواب ئے کړے دے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: خه جی، خه جی، Sorry جی، میرے خیال میں انور کمال خان کی بعد اس کے بارے میں بتادیں گے۔

جناب محمد امین: جناب سپیکر! دا ډیره اهمه او لازمی خبره ده، هغه ستوږ نتا ن پریشانه دی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹهیک ده، صرف ایک ممبر صاحب، انور کمال صاحب اس کو Conclude کر رہے ہیں، اس کے بعد اس مسئلے پر بحث کریں گے ان شاءاللہ، ہاں جی۔

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب سپیکر! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے کنٹریکٹ پالیسی یا کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ کے بارے میں آج موقع دیا، مجھے احساس بھی ہے کہ اس سے پیشتر ہاؤس میں ہمارے بڑے سینیئر اور تجربہ کار پارلیمنٹیریز نے اس موضوع پر کافی طویل بحث کی اور خصوصاً عبدالاکبر خان نے جو پہلو آئین کی روسے اجاگر کئے ہیں، میرے خیال میں اس پر مزید بات کرنے کی گنجائش نہیں ہو گی، لیکن پھر بھی میں یہ ضروری سمجھتا ہوں ہوں کہ کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ کو Conclude کرنے کے لئے یا حکومت، اگر اس پر اپنا موقف بیان کرے تو میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ میں خالی پانچ دس منٹ آپ سے لونگا اور میں خالی ان پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کرتا ہوں جو کہ آج آپ نے محسوس کیا ہو گا کہ جہاں ہم ٹیوب

ویلز کی بات کرتے ہیں، جہاں ہم سڑکوں کی بات کرتے ہیں، جہاں ہم سکولوں کی بات کرتے ہیں تو کنٹریکٹ ایمپلائیمنٹ جہاں ہمارے اوپر لیول پر گریڈ19اور گریڈ20کے افسران کی کنٹریکٹ ایمپلائیمنٹ ہوتی ہے تو اس کے لئے ایک Clear cut پالیسی یہ ہے بھی کنٹریکٹ ایمپلائیمنٹ کے لئے جہاں محکموں میں آپ کے Experties موجود نہ ہو، جہاں آپ کے Experties موجود نہ ہوں، چاہیں وہ جس ڈیپارٹمنٹ میں بھی ہو تو اس صورت میں اگر کوئی Appointing Authority یہ سرٹیفیکیٹ دے سکے کہ فلاں محکمے میں ہمارے پاس Experties موجود نہیں ہیں پھر تو ان کے پاس ایک جواز بن سکتا ہے کہ آپ وہاں پر کنٹریکٹ ایمپلائیمنٹ کر دیں، لیکن اگر آپ کے ہاں مختلف محکموں میں آپ کے Experties ان محکموں کے موجود ہوں اور کوئی یہ سرٹیفیکیٹ بھی دے سکے کہ ان محکموں میں آپ کے پاس Experties موجود ہیں تو جناب والا، اس صورت میں پھر کنٹریکٹ ایمپلائیمنٹ جو ہے، وہ میرے خیال میں گورنمنٹ کی پالیسی نہیں ہونی چاہیئے، اسلئے کہ آپ دیکھیں کہ آپ کے ایک چیف ایگزیکٹیو، جس کی ہسپتال کے لئے ایک نئی پوسٹ Create کی گئی ہے، جس کی تنخواہ اگر ایک عام ایڈمنسٹریٹر ہو تو وہ آٹھ، دس ہزار سے لیکر دس، بارہ یا پندرہ ہزار روپے ہیں وہاں پر گزارہ کرتے ہیں، لیکن آپ جب کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ کرتے ہیں اور ایک چیف ایگزیکٹو ایک ہسپتال میں Employ کرتے ہیں تو آپ کو حیرانگی ہو گی کہ اس کی تنخواہ آٹھ دس ہزار روپے سے بڑھ کر 75 ہزار روپے تک ہو جاتی ہے تو یہ کہاں کا انصاف ہے؟ جہاں پر کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ پر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک غریب صوبہ ہے اور یہ مالی مشکلات برداشت نہیں کر سکتا اور آپ یہ سمجھتے ہیں کہ جی اس میں چاہیں وہ کلاس فور کی Appointment ہو جہاں آپ ایک محکمے کی مد میں لاکھوں روپے آپ کو پنشن کی صورت میں دینا پڑتے ہیں تو آپ یہ کہتے ہیں کہ جی اب ہم اس کے لئے فکس تنخواہ مقرر کر لیتے ہیں، لیکن آپ یہ نہیں سوچتے کہ ایک طرف حکومت کی یہ پالیسی ہوتی ہے کہ ہم اس کے پابند ہیں کہ ہم لوگوں کو روزگار مہیا کریں اور دوسری طرف ہم مجبوراً یہ کرتے ہیں کہ وہاں پر مستقل اور Permanent jobs پر پابندیاں عائد کر دیتے ہیں اور کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ کرنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں، جناب والا! آپ کو اس پالیسی کا علم بھی ہے کہ جہاں آپ کسی گاؤں میں ٹیوب ویل لگاتے ہیں، کسی گاؤں میں کوئی سکول بناتے ہیں، پرائمری سکول یا بی ایچ یو بناتے ہیں یا سڑک بناتے ہیں تو ضروری ہے کہ وہاں پر آپ کے ADP میں

کوئی ایسی Provision نہیں ہے کہ آپ ADP میں جہاں پر آپ نے کوئی ٹیوب ویل نصب کرنا ہو تو وہاں پر آپ ٹیوب ویل کے لئے زمین خرید سکیں، لاکھوں روپے کی زمین ہوتی ہے، ایک عام غریب زمیندار آدمی ہوتا ہے، اس کے ذہن میں یہی سوچ ہوتی ہے کہ اگر اس کی زمین پر یہ ٹیوب ویل بنایا جائے وہ لاکھوں روپے کنال کی زمین مفت مہیا کر دیتا ہے اور اس لئے مہیا کرتا ہے تاکہ اس کو ایک کلاس فور کی نوکری مل جائے گی اور یہی وہ چیزیں ہیں جو کہ ہمارے ADP میں جب ہم سکیم بناتے ہیں چاہے کسی کو ہمیں سکول دینا پڑتا ہے، چاہے کسی کو ہم نے کوئی ٹیوب ویل دینا ہوتا ہے تو وہ کلاس فور کی نوکری کی خاطر آپ کو مفت زمین Provide کرتے ہیں، اب آپ دیکھیں جہاں پر آپ نے کنٹریکٹ ایمپلائمنٹ کا سلسلہ شروع کر دیا اور جہاں پر آپ نے تمام Pension able posts ختم کر دیں، وہاں پر آپ بارہ سو روپے کی فکسڈ تنخواہ لوگوں کو دے رہے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ آنے والے وقتوں میں جتنی بھی آپ کی Developmental activities ہیں یہ تمام کی تمام متاثر ہوں گی، آپ دیکھیں گے کہ آپ کے ٹیوب ویل جو کہ آج اس ہاؤس میں بحث ہو رہی تھی کہ یہ Community base ٹیوب ویلز جو ہیں ان کے لئے آپ کے پاس آپریٹرز نہیں، ان کے پاس چلانے کا طریقہ نہیں ہے، ان کے لئے چوکیدار موجود نہیں ہیں نہ سکولوں میں چوکیدار موجود ہیں، نہ روڈوں پر کام کرنے والے، جیسے آج میرے کسی بھائی نے، حبیب الرحمان صاحب نے ایک روڈ کا ذکر کیا جو کہ یہ کہتے ہیں کہ سال 1938 سے بنا ہوا ہے اور آج اس روڈ کی حالت انتہائی ناگفتہ بہہ ہے، اس کی Basic وجہ یہی ہے کہ وہ سسٹم جو کہ پرانا سسٹم تھا کہ سکولوں میں چوکیدار ہوا کرتے تھے، ٹیوب ویلز کے لئے آپریٹرز ہوا کرتے تھے، وہاں پر بھی چوکیدار ہوتے تھے، سڑکوں پر میٹ ہوا کرتے تھے تو آپ کے مشاہدے میں یہ چیز آتی ہو گی کہ عموماً وہ غریب آدمی 24 گھنٹے ان روڈوں پر کام کیا کرتے تھے اور روڈ کی حالت یہ نہیں ہوتی تھی، جو کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ دس دس سال، بیس بیس سال میں ان روڈوں کی حالت نہیں بدل سکتے، اس لئے کہ ایک کلاس فور نوکری کو ختم کرنے سے آپ ان تمام پراجیکٹس کا حلیہ بگاڑ دیتے ہیں، جس کے لئے کروڑوں روپے ہم لوگ خرچ کرتے ہیں، یہ کروڑوں روپے کہاں سے آتے ہیں؟ یہ کس کے کھاتے میں ڈالے جاتے ہیں؟ یہ کس کے خون پسینے سے جاتے ہیں؟ جناب والا! یہ آپ کے اس غریب صوبے کا حصہ ہے اور آپ کے غریب عوام کا خون پسینہ

اس میں شامل ہے، اگر اس پالیسی کو Revise نہ کیا گیا ہو تو میرے خیال میں اس کے لئے کوئی اتنا مشکل کام نہیں ہے، آپ کے ہاں یہاں پر Experts بیٹھے ہوئے ہیں، ماشاءاللہ ہمارے سراج الحق، جتنا ان کا علم ہے آپ دیکھیں، جس وقت آپ ADP بنائیں، یہ تمام مسئلہ اس وجہ سے بنا ہوا ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ جی صوبے میں ہمارے وسائل کمزور ہیں، لیکن ہم اگر ساری عمر کے لئے یہی رونا روتے رہے کہ مسائل زیادہ ہیں، وسائل کم ہیں تو میرے خیال میں یہ نکتہ ان سے کوئی پوشیدہ نہیں ہے، آپ دیکھیں آپ کا سوشل سیکٹر ہے، آپ کا Productive sector ہے اور سوشل سیکٹر کو جہاں پر آپ کے سکولز ہیں، جہاں پر آپ کے BHUs ہیں، جہاں پر آپ کے سیکٹرز ہیں آپ ان کو 70% پیسہ Provide کر رہے ہیں، لیکن آپ کے Productive sector جو ہیں، جن سے آپ پیسہ Generate کر سکتے ہیں، جہاں سے آپ Employment generate کر سکتے ہیں، آپ اس کی شرح کیوں نہیں بڑھاتے؟ آپ Productive sector کو پیسہ دیں، آپ Sick industries کو Revive کریں، آپ ٹورازم کو Revise کریں، آپ منرلز کو زیادہ پیسے دیں، آپ دیکھیں گے کہ جہاں آپ کے صوبے میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کے تمام چاروں صوبے ہیں، صوبہ سرحد ان تمام وسائل سے مالا مال ہے، اگر آپ کی حکومت نے تھوڑی سی توجہ Productive sector کی طرف دی، میں یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ، اگر آپ کا Productive sector بڑھے گا، آپ کی Employment generate ہو گی، آپ کے Resources زیادہ ہوں گی، آپ کنٹریکٹ پالیسی کی طرف دھیان بھی نہیں دیں گے، آپ وہی سلسلہ چلائیں گے Pensionable posts یہاں پر آئیں گی، کلاس فور کی پوسٹیں یہاں پر آئیں گی، لوگ آپ کو زمین دیں گے اور یہ چھوٹے موٹے کام جو ہوں گے، یہ کسی صورت میں بھی Suffer نہیں ہوں گے، بد قسمتی یہ ہے کہ کوئی بھی اپنے صوبے کے لئے آواز اٹھانے کے لئے تیار نہیں، جناب والا! آپ آئین کا مطالبہ کر چکے ہیں، جتنے بھی آپ کے سوشل سیکٹرز ہیں، چاہے وہ آپ کی تعلیم ہے، چاہے وہ آپ کی ہیلتھ ہے، چاہے وہ آپ کی Drinking water ہے، یہ تمام آپ کے آئین میں Provincial sovereignty یہ آپ کو گارنٹیز ملی ہے، لیکن 1973 میں مرکز نے ہمارے ساتھ کیا دھوکہ کیا؟ مرکز نے ان تمام محکموں کو سوشل سیکٹر کے محکموں کو، ایسٹ پاکستان کے جانے کے بعد یہ سوشل سیکٹر جو آپ

کے پراونشل سبجکٹس تھے، ان کو اٹھا کے فیڈرل لیجسلیٹو لسٹ میں ڈال دیا اور یہ مرکز کے تحت ڈال دیا اور صوبوں کو انہوں نے مجبور کیا کہ یہ محکمے جو کہ آپ کے Purely صوبائی محکمے ہیں، ان کو مرکز کے حوالے کر دیا اور آپ سے انہوں نے لکھ کر لے لیا کہ دس سال کے لئے یہ محکمے مرکز کے تحت رہیں گے، اب آپ اندازہ۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: انور کمال خان! Conclude کریں جی۔

<u>جناب انور کمال خان</u>: جناب والا! میں مطلب کی بات کروں گا، میں اوٹ پٹانگ نہیں ماروں گا، دس سال کے لئے یہ Agreement ہوئے کہ دس سال کے بعد یہ تمام محکمے اپنے صوبوں کو واپس کر دیئے جائیں گے، اگر میں حساب کتاب درست کر سکتا ہوں تو 1973 میں، اگر یہ محکمے فیڈرل لیجسلیٹو لسٹ پر آئے ہیں تو آج 2003 ہے، 30 سال گزر چکے ہیں، لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ 30 سالوں میں کسی نے بھی اپنے صوبے کے لئے یہ آواز نہیں اٹھائی کہ مرکز یہ محکمے صوبوں کو واپس کر دے، ان محکموں کے جتنے بھی وسائل ہیں، ان محکموں کی جتنی بھی پالیسیز ہیں، وہ تمام مرکز کی طرف سے آتی ہیں، آپ دیکھیں آپ کی ہیلتھ پالیسیز مرکز کی طرف سے بنتی ہیں، مرکز کو کیا علم ہے؟ کہ بونیر میں لوگوں کو کیا تکلیف ہو سکتی ہے؟ مرکز کو کیا علم ہے کہ ٹانک میں لوگوں کو کیا تکلیف ہو سکتی ہے؟ ان کو کیا علم کہ پشاور میں کیا ہو رہا ہے؟ ان کو کیا علم ہے کہ ٹل اور ہنگو میں کیا ہو رہا ہے؟ یہ تو وہ لوگ کر سکتے ہیں، جو آپ کے صوبے کے اپنے لوگ ہوں وہ بیوروکریٹ آپ کے صوبے کی بھلائی کے لئے نہیں سوچ سکتے، لہذا یہ ضروری امر ہے کہ جتنے بھی ڈونر ایجنسیز ہیں، تمام آپ کے جتنے وسائل ہیں، وہ تمام وسائل آپ کے مرکز کی طرف Divert ہو گئے ہیں، ہمیں اس چیز میں کوئی عار نہیں کہ ہم مرکز کو کہیں کہ آئین و قانون کے تحت ہمارے حقوق کے تحت آپ یہ محکمے سوشل سیکٹر کے ہمارے صوبے کو واپس دیں، آپ ان سے مانگیں، یہ آپ کا حق ہے اور وہ آپ کو دینے پر مجبور ہوں گے اور ہم یہ یقین دہانی آپ کو دیتے ہیں کہ جتنی بھی پولیٹکل پارٹیز یہاں پر موجود ہیں چاہے وہ اپوزیشن میں ہوں، چاہے وہ پیپلز پارٹی ہو، چاہے وہ اے این پی ہو، چاہے وہ مسلم لیگ (ن) یا (ق) ہو، میرے خیال میں اپنے حقوق کے لئے، ہم آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے اور ہم ہر موقع پر شانہ بشانہ آپ کے ساتھ رہیں گے، (تالیاں) لیکن یہ وہ پالیسیز ہیں کہ جب تک آپ نے اپنی Strategy change

نہیں کی، آپ نے اپنے Productive sectors کو نہ بڑھایا تو جناب والا، آپ یہ قطعاً نہ سوچیں کہ آپ ان مسائل سے اپنے آپ کو چھٹکارا دلوا سکیں گے، یہی کنٹریکٹ پالیسز ہوں گی، یہی آپ کے مسائل ہوں گے، یہی وسائل آپ کے محدود ہوں گے اور آپ دیکھتے رہیں گے کہ آپ اس صوبے کا نقشہ قطعاً بدل نہیں سکتے، لہٰذا اس وقت آپ سوچیں اور جو کچھ ہم گزارش کرتے ہیں، اس پر عمل پیرا ہوں انشاءاللہ العزیز آپ دیکھیں گے کہ جب آپ کے وسائل بڑھیں گے، آپ کی ان مشکلات سے جان چھوٹ جائیگی، شکریہ جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی، جناب محمد ارشد خان۔

جناب محمد ارشد خان: جناب دا ډیره ضروری خبره ده، زما خیال دے چې په دې باندې یو Resolution دغه شی او یو Unanimous resolution چې د دې هاؤس نه پاس شی هم د دې خبرې د پاره، دا مروت صاحب چې کومے خبرې اوکړے چې په 1973 کښې دا وئیلے شوی وو، چې لس کاله پس به دا څیزونه بیا ټول صوبے ته حواله کیږی، لیکن دیرش کاله پس هم دا حواله نه شو نو مهربانی اوکړئی زه خو وایم چې داسې یو Unanimous resolution چې د کومے پارټی یاد کومو خلقو په دې اعتراض وی، نو هغوې د پرے خبرې اوکړی چې د کومے پرے نه وی نو دا د دې ټولے صوبے مسئله ده او زما خیال دے چې دا د ایک دم په دې باندې خبره اوکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو چې د کله نه جوډیشل راشی نو بیا به اوکتلے شی۔

جناب محمد امین: سپیکر صاحب! میډیکل کالج والا مسئله هم ده جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب نادر شاہ صاحب۔

جناب نادر شاہ: سپیکر صاحب! دا میډیکل سټوډنټس چې کوم راغلی وو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هغه د دې جواب کوی، بیا ته اوکړه۔

جناب نادر شاہ: نه خو زما په خیال چې په دې کښې نور څه دغه نشته، هغوې خو فیصله کړې ده او خبره چې کوم ده۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه اوس چې دا دوئ د دې کنټریکټ په باره کښې جواب اوکړی نو بیا به د دغه فیصله اوکړو، دغه مسئله به اوکړو، جناب سراج الحق جی، تاسو د گورنمنټ موقف یا ملک ظفر اعظم کوی، خه جی Sorry جناب ملک ظفر اعظم صاحب کنټریکټ پالیسی۔

وزیر قانون: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔جناب سپیکر صاحب! آج تو انورکمال صاحب نے بڑے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مقررہ ٹائم میں اپنی تحریک کوConclude کیا۔۔۔۔

(قہقہہ)

وزیر قانون: باتیں کیں، جناب والا! یہ کنٹریکٹ پالیسی ایک سوچ کی تحت بنائی گئی تھی، وہ سوچ یہی تھی کہ صوبے پر پنشن کا بوجھ اتنا بڑھ رہاہے کہ کچھ سالوں کے بعد کچھ مدت کے بعد صوبہ اس پوزیشن میں نہیں رہے گا کہ وہ ترقیاتی Development works کے لئے کچھ رقم مختص کرسکے، کیونکہ پنشن والوں کی تعداد اتنی بڑھ جائیگی، لہذا اس سوچ کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے کافی سوچ وبچار کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ ان ملازمین کو Contract based پر رکھا جائے، اسی طرح 1995 میں کنٹریکٹ پالیسی پر ایک کمیٹی بنائی گئی، جبکہ اس وقت میرے خیال میں جو کنٹریکٹ ملازمین تھے جو کلاس فور ملازمین تھے، سب سے پہلے یہ پالیسی ان پر Apply کی گئی تھی، اس وقت ان کی تنخواہیں ایک ہزار تھیں، جب ہم نے ایک کمیٹی بنائی، اس کمیٹی میں جب ہم بیٹھے تو وہ کمیٹی اس پر بالکل Agree ہوگئی کہ بھائی یہ جو مدت آپ بتارہے ہیں، یہ لوگ جب پنشن پر آئینگے تو اس صوبے کے مالی حالات کو متاثر کریگی، لہذا انہوں نے یہ سفارش کردی اور ایک ہزار سے بڑھاکر 1200 انکی فیکسڈ تنخواہ مقرر کردی، اسی طرح جناب والا! جب ایم ایم اے کی گورنمنٹ آئی، ہم نے جب چارج سنبھالا تو سب سے پہلے ہمارے سامنے یہی مسئلہ تھا، کیونکہ یہ مسئلہ جو ہے یہ سب سے اہم تھا اور یہ قابل رحم لوگوں کو مسئلہ تھا تو ہم نے سب سے پہلے اس پر توجہ دی، ہم آپس میں بیٹھے اس پر بہت ہی سوچ، غور وفکر کے بعد ہم ان، عبدالاکبر خان صاحب کے اسکے مطابق ہم نے کنٹریکٹ ملازمین کو سوائے پنشن کے باقی تمام وہ مراعات دے دیں جو دیگر سروس والوں کو ملتی ہیں، لہذا اس بابت میں ہم نے ان کو میڈیکل اور 2500 روپے تنخواہ، 1500 سے بڑھاکر ہم نے تجویز کی اور اسی کابینہ سے پاس ہوئی، اب بھی

میری گزارش یہی ہے کہ اگر یہ کنڑیکٹ پالیسی ختم کی جائے اوران کو ریگولر سروس پر لایا جائے تو ہمارے بعد جو بھی آئیگا، ان کے لئے یہی مصیبت، یہی تکلیف پھر سامنے ہو گی اور، دوسری بات جو ہمارے انور کمال صاحب نے کہی، بعض پراجیکٹ ہی ایسے ہوتے ہیں، جسطرح ہمارے صوبے میں بہت سارے پراجیکٹ چل رہے ہیں، جنکے لئے مجبوراً کنڑیکٹ پر بندہ لیناپڑتا ہے، ان کو ریگولر ایمپلائز ہم نہیں لے سکتے، ہاں یہ بات اگر میرے علم میں نہیں ہے، اگر یہ بات ہے، جسطرح محکمہ ہیلتھ ہے، اگراس میں ایک بندہ ایک پوسٹ کے لئے موجود ہے اور اسکے لئے کوئی پوسٹ خالی ہو تو اس کو کنڑیکٹ پر کوئی بندہ دیا جائے تو شاید میری ذاتی رائے یہ ہے اور شاید ایم ایم اے والے کم از کم اس سے Agree نہیں ہونگے، لیکن اگر پراجیکٹ کی پوسٹوں کے متعلق بات ہو رہی ہے تو پراجیکٹ کے لئے تو ہمیں کنڑیکٹ کا بندہ لینا ہوتا ہے، کیونکہ کنڑیکٹ زیادہ سے زیادہ تین سال کا ہوتا ہے یا چار سال کا ہوتا یا زیادہ سے زیادہ جو چل رہا ہے، مثلاً بارانی پراجیکٹ جو ہے، وہ میرے خیال میں چھ سال کا ہے تو چھ سال کے لئے تو ہم ریگولر ایمپلائز Hire نہیں کر سکتے تو آگے تو سراج صاحب بولینگے، لیکن میری پھر بھی ان سے یہ گزارش ہے کہ ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے سب سے پہلے جو فیصلہ کیا ہے وہ ان کنڑیکٹ ملازمین کے متعلق کیا ہے اور کنڑیکٹ ملازمین کو سب وہ مراعات ہم نے دی ہوئی ہیں، جو مراعات ریگولر سروس والوں کو میسر ہیں اور صرف جو اصل مدعا ہے، اس صوبے کے مفاد میں وہ پنشن کا ہے، وہ پنشن کے معاملے کے سوا ساری مراعات انکو مل چکی ہیں، Thank you sir۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آنریبل منسٹر نے ابھی اس فلور آف دی ہاؤس پر یہ بات ایڈمٹ کی کہ ایم ایم اے کی گورنمنٹ کے آنے کے بعد انہوں نے سب سے پہلے جو کنڑیکٹ پالیسی تھی، اس میں مراعات خواہ تھیں یا نہیں تھیں، لیکن ایم ایم اے کے آنے کے بعد انہوں نے جو پالیسی بنائی، اس کے تحت انہوں نے کنڑیکٹ پالیسی کو Revive کیا اور پھر انہوں نے پروموشن وغیرہ Allowed کی، جناب سپیکر! میرے پاس ایک خط ہے، اس میں لکھا ہے، Peshawar, 26th, October 2002۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 26 اکتوبر 2002۔

Mr. Abdul Akbar Khan: While the government of MMA was installed in November, 2002.

اس میں یہ لکھا ہے۔

"I am directed to refer to the subject above and to state that the provincial Government has approved the following terms and conditions of contractual employment, recruitment against initial recruitment post in all Government Department" Meaning by that the policy has been initiated and made by the previous Government not by this Government.

ہم بھی اسی لئے یہ کہہ رہے کہ 26 اکتوبر کو آپکی حکومت تھی ہی نہیں تو 26 اکتوبر کو آپ پالیسی کیسے بنا سکتے تھے؟ پالیسی تو آپ سے پہلے بن چکی تھی، ہاں ہم یہ ضرور مانتے ہیں کہ آپکو ورثے میں ملی، آپ کو ورثے میں ملی، جسطرح اور بھی بہت سی چیزیں جو صحیح نہیں ہیں، جو ایک شخص کے دماغ میں آیا اور اس نے وہ چیزیں بنا دیں، اسطرح یہ بھی شاید ہو سکتا ہے کہ ایک آدمی یا کسی کے ذہن میں یہ بات آئی ہو گی کہ Contractual policy اچھی ہے، اس لئے انہوں نے یہ بنائی، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب فلور آف دی ہاؤس پر جو بات کی ہے، Contractual policy is made and promulgated on 26th, October 2002 لیکن پھر بھی جناب سپیکر۔

وزیر قانون: میں عبدالاکبر خان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایم ایم اے گورنمنٹ والے جو ہیں وہ Previous گورنمنٹ کے اچھے اقدامات کو ڈسٹرب نہیں کرنا چاہتے، اگر وہ پہلے بھی تھے تو اس کابینہ نے ان کو سب کے سامنے رکھا، اگر ہم نے بنائی، لیکن آئیڈیا ایک ہے کہ ہم ان لوگوں کو مراعات دینا چاہتے ہیں، اگر اس نے کیا ہے تو اچھا اقدام کیا ہے، اگر ہم نے منظوری دی تو آپ کو Criticize نہیں کرنا چاہیئے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب والا! میرا پوائنٹ آف آرڈر یہی تھا کہ یہ آپ نے کہا کہ یہ ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے کیا ہے، اس لئے میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ تھا کہ آپ کو پتہ نہیں شاید، لیکن میں آپکی توجہ ایک اور طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، جناب سپیکر یہ ایک ایکٹ ہے۔

"The North West Frontier Province Civil Servants (Regularization of Services) Act, 1988".

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، Service Regularization Act, 1988۔

جناب عبدالاکبر خان: اس میں سیکشن 5 ہے، سیکشن 5 میں کلاز (2) ہے، اسمیں کہتے ہیں۔

"The government may fill in short term or temporary vacancies by way of contractual appointments in such manners and on such terms and conditions as may be prescribed by the period not exceeding two years, during which period" جناب سپیکر، یہ الفاظ بڑے اہم ہیں۔

"During which period the selectees of the public service commission, against the vacancies to fill in the posts shall be made available by the public service commission"

مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ کو اگر ایمرجنسی میں ضرورت پڑی تو دو سا کے لئے وہ لکھ دینگے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دو سال کے لئے۔

جناب عبدالاکبر خان: کہ وہ پبلک سروس کمیشن، اگر وہ Selectees بھیجتا ہے تو پھر انکی وہ نہیں رہ جائیگی، لیکن پھر بھی میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر، کہ آنریبل سینیئر منسٹر صاحب اس پر اگر بولنا چاہیں، لیکن میری تو یہ خواہش ہو گی کہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے اور اسکو عزت کا اور Prestige کا مسئلہ نہیں بنانا چاہئیے، میں نے خود دو ایکٹ تیار کئے جناب سپیکر، اس پر اگر گورنمنٹ چاہتی ہے تو میں انکو وہ دے سکتا ہوں، اسکی سٹڈی کر کے دیکھ لیں، ہاں وہ اگر اپنا بنا بھی سکتے ہیں، انشاءاللہ کافی قابل آدمی ہیں، وہ خود بھی بنا سکتے ہیں، لیکن میں نے جسطرح اس دن عرض کیا تھا، میں خود بھی بنا چکا ہوں ایک دو Acts اسکے لئے اور بہت Simple، بس ایک لائن یا دو لائن کے Acts ہیں، باقی انکی مرضی ہے کہ جسطرح کریں۔

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! جیسے کہ آنریبل منسٹر لاء اینڈ پارلیمنٹری آفیئرز نے یہاں بات کی کہ یہ جو کنٹریکٹ ملازمین ہیں، یہ زیادہ پراجیکٹس میں ہیں اور انکا دو سال یا چار سال کا Duration ہوتا ہے اور اس لئے انہیں Permanent نہیں کیا جا سکتا، ہم نے یہاں جو بات کی ہے، پچھلے ہفتے پوری بحث میں Contractual policy کے اوپر ہم نے پراجیکٹس کا ذکر ہی نہیں کیا، ہم نے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی بات کی ہے، ہم نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی بات کی ہے، ہم نے جوڈیشری کی بات کی ہے کہ اس طرح کے محکمے جن میں ملازمین کی Permanent requirement ہوتی ہے اور پوسٹ Vacant ہوتی ہے اسی

